Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13
جمعرات،16فروری2023ء،24رجب المرجب1444ھ، قیمت20روپے
شمارہ 271

چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بہت سے عوامی اہمیت کے مقدمات میں سپریم کورٹ براہ راست کیسز سنتی رہی ہے

نیب ترامیم نے زیر التوا مقدمات کا دروازہ بند کر دیا ہے، چیف جسٹس

وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ سپریم کورٹ عوامی اہمیت کے مقدمات کے علاوہ براہ راست دائر مقدمات نہیں سن سکتی

عدالت خود حکومت کے اختیارات استعمال نہیں کرنا چاہتی۔ نئے نیب قانون میں واپس ہونے والے مقدمات کے مستقبل کا کوئی طریقہ کار درج نہیں، چیف جسٹس

اسلام آباد(خبر نگار) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے عمران خان کی درخواست پر سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ نیب ترامیم نے زیرالتوا مقدمات کا دروازہ بند کر دیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے نیب ترامیم کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کو پہلے دیکھنا ہوگا کہ نیب ترامیم سے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی یا نہیں۔ آرٹیکل 184 تھری کے استعمال کے لیے بنیادی حقوق کی براہ راست خلاف ورزی کا تعین ضروری ہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ سپریم کورٹ کے پاس کسی بھی معاملے کو دیکھنے کے وسیع تر اختیار موجود ہیں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ کیا آرٹیکل 184 تھری کے استعمال سے قبل درخواست گزار کو ہائیکورٹ میں جانا چاہیے تھا؟ نیب کیس کو سنتے ہوئے کافی وقت گزر چکا۔ اب تک نہیں بتایا گیا کہ نیب ترامیم سے کون سا بنیادی حق متاثر ہوا۔ اگر بنیادی حقوق پر عدالت کو مطمئن نہیں کیا گیا تو مفاد عامہ کا سوال تو بہت بعد میں آئے گا۔ وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ حکومت ایسے کوئی قوانین نہیں بنا سکتی جو بنیادی حقوق سے منافی ہوں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ اگر پارلیمنٹ نیب کو ختم کر دے تو درخواستگزار اس کی بحالی کے لیے آسکتا ہے؟، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ پارلیمنٹ نیب کو ختم کر دے (بقیہ نمبر 1)

انتخابات میں شکست کے خوف سے PDM انتخابات سے بھاگ گئی، فرخ حبیب

الیکشن کمشنر پر آئین کے آرٹیکل 204A کے تحت توہین عدالت لگ سکتی جس کی 6ماہ جیل سزا ہے

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن 90روز میں انتخابات کے عدالتی فیصلہ کی حکم عدولی کر رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بیان میں انہوں نے کہا کہ انتخابات میں شکست کے خوف (بقیہ نمبر 4)

پشاور و واہ کینٹ کے بلدیاتی اداروں کو کام سے روکنے کا حکم معطل

الیکشن ابھی ہوا نہیں صرف شیڈول آیا ہے اور آپ نے معطلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، عدالت

پشاور(خصوصی نامہ نگار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پشاور اور واہ کینٹ کے کنٹونمنٹ بورڈز اور بلدیاتی اداروں کو کام سے روکنے کا حکم معطل کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں دو کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی حکومتوں کو معطل کئے جانے کیخلاف درخواست کی (بقیہ نمبر3)

سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار ایک مرتبہ پھر نیب میں طلب

نیب نے عثمان بزدار کو پابند کیا کہ وہ اپنے ساتھ جائیداد کی تفصیلات بھی لے کر آئیں

اہور (خصوصی رپورٹر) نیب نے ایک مرتبہ پھر سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو 16 فروری کو طلب کر لیا ہے۔ نیب نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو ہدایت کی ہے کہ وہ 12 بجے نیب لاہور میں پیش ہوں۔ نیب نے عثمان بزدار کو پابند کیا کہ وہ اپنے ساتھ جائیداد کی (بقیہ نمبر2)

وزیراعظم شہباز شریف کی 83 ارکان پر مشتمل وفاقی کابینہ کے ن لیگی ارکان نے وزیراعظم سے ملاقات کر کے بغیر تنخواہ کام کرنے کا کہا ہے

ن لیگی وفاقی وزرا کا بغیر تنخواہ کام کرنے کا فیصلہ

شہباز شریف کی کابینہ میں شامل 34 وزرا میں سے 12 کا تعلق ن لیگ سے ہے اور 7 وزرائے مملکت میں سے 3 مسلم لیگ ن سے تعلق رکھتے ہیں

وزیراعظم کی کابینہ میں 38 معاونین خصوصی شامل ہیں جن میں سے وزیراعظم 14 معاونین خصوصی کی بلامعاوضہ کام کرنے کی درخواست منظور کر چکے ہیں

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزرا نے بغیر تنخواہ کام کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی 83 ارکان پر مشتمل وفاقی کابینہ کے ن لیگی ارکان نے وزیراعظم سے ملاقات کر کے بغیر تنخواہ کام کرنے کا کہا ہے۔ وفاقی وزرا نے یہ فیصلہ ملک کو درپیش معاشی مشکل حالات کے پیش نظر قومی جذبے کے تحت کیا ہے۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی کابینہ میں شامل 34 وزرا میں سے 12 کا تعلق ن لیگ سے ہے اور 7 وزرائے مملکت میں (بقیہ نمبر5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

الیکشن کمیشن PTI والوں کے کہنے پر انتخابات نہیں کرا سکتا، رانا ثناء اللہ

ہماری رائے ہے کہ صوبائی اور قومی اسمبلی کے الیکشن ایک ساتھ ہونے چاہیں، وزیرداخلہ

آئین میں الیکشن کیلئے 90 روز کا ضرور ذکر ہے لیکن صاف اور شفاف انتخابات بھی آئین کا تقاضا ہے

اسلام آباد(خبر نگار) وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن پی ٹی آئی والوں کے کہنے پر تو انتخابات نہیں کرا سکتا، دو صوبائی اسمبلیوں کے الیکشن ہوئے اور وفاق میں نگران سیٹ اپ نہ ہوا تو الیکشن متنازع ہو سکتے ہیں۔ رانا ثناء اللہ نے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر12)

اسلام آباد: رانا ثنااللہ خان سے ناروے کے نائب وزیرخارجہ ایرلنگ رمسٹاد کی ملاقات

ضمنی مالیاتی بل پیش، لگژری اشیا، سیمنٹ، شادی ہالز، ہوٹلز پر ٹیکسوں میں اضافہ

قومی اسمبلی میں پیش کئے گئے فنانس سپلیمنٹری بل2023 میں مختلف اشیاپر جی ایس ٹی کی شرح 17 سے بڑھاکر 18 فیصد کردی گئی

شادی ہالز اور ہوٹلز، کمرشل لانز، مارکی اور کلب پر ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز، موبائل فونز پر بھی ٹیکس

اسلام آباد(خبر نگار) وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے ضمنی مالیاتی بل ایوان میں پیش کر دیا، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس میں شریک نہیں ہوئے۔ قومی اسمبلی میں پیش کئے گئے فنانس سپلیمنٹری بل 2023 میں مختلف اشیاپر جی ایس ٹی کی شرح 17 سے بڑھاکر 18 فیصد کر دی گئی، شادی ہالز اور ہوٹلز، کمرشل لانز، مارکی اور کلب پر ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز، موبائل فونز پر بھی ٹیکس میں اضافے کی تجویز شامل کی گئی ہے۔ منی بجٹ میں فضائی ٹکٹس پر ایڈوانس ٹیکس عائد، مشروبات کی ری ٹیل پرائس پر بھی دس فیصد ٹیکس لگایا گیا ہے، سیمنٹ پر 50 پیسے فی کلو ٹیکس میں اضافے کی تجویز دی گئی ہے جس سے سیمنٹ پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ڈیڑھ روپے سے بڑھا کر دو روپے کلو کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایوان میں گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ ضمنی مالیاتی (بقیہ نمبر11)

عمران خان کا ترکیہ اور شام کی حکومتوں، عوام سے دلی ہمدردی و یکجہتی کا اظہار

خصوصاً تحریک انصاف کے چیئرمین، قیادت اور کارکنان رنجیدہ ہیں، زلفی بخاری

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے ترکیہ اور شام کی حکومتوں، عوام سے دلی ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کیا ہے اس ضمن میں چیئرمین عمران خان کی (بقیہ نمبر13)

گجرات
GUJRAT

لاہور: تونسہ شریف کے بعد گجرات کو ضلع بنانے کا نوٹیفکیشن بھی معطل کر دیا گیا

اسلام آباد: سپریم کورٹ نے ہائیکورٹس کو جاری تحقیقات، ایف آئی آرز کالعدم قرار دینے سے روکدیا

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی(نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 05ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس (بقیہ نمبر15)

بسکٹ سے لیکر لپ اسٹک تک کیا کیا مہنگا ہوگیا

سگار اور فزی ڈرنکس کی قیمتوں میں بھی تیزی سے اضافہ ہوگا

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) وفاقی حکومت کی جانب سے منی بجٹ کے ذریعے جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کے بعد صارفین کی ضرورت کی سیکڑوں (بقیہ نمبر14)

الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس بے نتیجہ ختم، عدالت سے رہنمائی کا فیصلہ

الیکشن کمیشن نے موجودہ آئینی بحران پر اعلی عدلیہ سے رہنمائی لینے کا فیصلہ کیا ہے

ذرائع کے مطابق، الیکشن کمیشن کا مشاورتی اجلاس تقریبا2 گھنٹے جاری رہا اور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا

اسلام آباد(نامہ نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان کا انتخابات کی تاریخ دینے کے حوالے سے اہم اجلاس بے نتیجہ ختم ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق عام انتخابات کی تاریخ دینا الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار میں نہیں، الیکشن کمیشن کا مشاورتی اجلاس تقریبا 2 گھنٹے جاری رہا اور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا۔ الیکشن (بقیہ نمبر16)

نیول چیف سے کمانڈر یو ایس نیول فورسز کی ملاقات

ملاقات میں بحری اور دفاعی تعلقات کو فروغ دینے کا عزم کا اعادہ کیا گیا، ترجمان پاک بحریہ

کراچی(خصوصی رپورٹر) نیول چیف ایڈمرل محمد امجد نیازی اور کمانڈر یو ایس نیول فورسز کے درمیان ملاقات میں بحری اور دفاعی تعلقات کو فروغ دینے کا عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ پاک بحریہ کے ترجمان کے مطابق چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے کمانڈر یو ایس نیول فورسز سینٹرل کمانڈ وائس ایڈمرل برڈ کوپر کی ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی صورتحال اور دوطرفہ بحری تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ملاقات میں دونوں ممالک کے مابین باہمی بحری اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا ا (بقیہ نمبر17)

تاوان کے لیے بجلی کا میٹر چوری کرنے کی واردات، ویڈیو سامنے آگئی

لاہور(نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں تاوان کی غرض سے بجلی کا میٹر چوری کرنے والا گروہ سرگرم ہوگیا۔ اس حوالے سے ایک واردات کی ویڈیو بھی سامنے آگئی۔ قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ میں میٹر چوری کی ایک اور واردات سا (بقیہ نمبر 23)

وزیرخارجہ بلاول بھٹو سے آئی اے ای اے کے سربراہ کی ملاقات

دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ڈی جی انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی نے پاکستان کی نیوکلیئر صلاحیتوں کو سراہا

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی رافیل ماریانو گروسی نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے اٹامک انرجی کو صحت، زراعت، صنعت اور (بقیہ نمبر24)

فوجی فرٹیلائزرز کے 112 ملازمین کی بحالی کے خلاف اپیلیں خارج

سپریم کورٹ نے ملازمین کو تمام فوائد دینے کے خلاف اپیلیں بھی مسترد کر دیں

اسلام آباد(اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ نے فوجی فرٹیلائزرز کے 112 ملازمین کی بحالی کے خلاف اپیلیں خارج کر دیں۔ کیس کی سماعت چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ سپریم کورٹ نے ملازمین کو تمام فوائد دینے کے خلاف اپیلیں بھی مسترد کر دیں جبکہ فوجی فرٹیلائزرز کو لیبر قوانین کے مطابق مزدوروں کو ادائیگی کا حکم دیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ (بقیہ نمبر22)

اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ کا مختلف پٹرول پمپس کا دورہ

شکرگڑھ (جنرل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ خضر ظہور نے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور اوزان و پیمائش کے پیمانوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمت، سٹاک اور پیمانے چیک کئے۔ اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ نے کہا کہ خود ساختہ طور پر اشیاء ضروریہ کی قلت پیدا کرنے اور گرانفروشی کرنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی کوئی (بقیہ نمبر26)

مری گھوڑا گلی کے علاقہ میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ

شہری کے زخمی ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا نوٹس

راولپنڈی(جنرل رپورٹر) مری گھوڑا گلی کے علاقہ میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے شہری کے زخمی ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا نوٹس، ایس ایچ او مری کو فوری کاروائی کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا حکم۔ تفصیلات کے مطابق مری گھوڑا گلی کے علاقہ میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے شہری کے زخمی ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او مری کو فوری کاروائی کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا، واقعہ کی اطلاع پر پولیس موقع (بقیہ نمبر25)

عمران خان نے حفاظتی ضمانت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

جان لیوا حملے میں زخمی ہونے کی وجہ سے رہائشگاہ سے باہر نہیں جا سکتا

خدشہ ہے پولیس گرفتار کرلے گی لہذا عدالت حفاظتی ضمانت منظور کرے

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے لاہور ہائیکورٹ میں حفاظتی ضمانت کیلئے رجوع کر لیا۔ عمران خان نے انسداد دہشتگردی کی عدالت سے ضمانت خارج ہونے کے بعد حفاظتی ضمانت کی درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ملک کا (بقیہ نمبر27)

سندھ کا وفاق سے قدرتی وسائل پر نئے معاہدے کا مطالبہ

گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کے بحران پر سندھ حکومت کا اہم فیصلہ

ذرائع کے مطابق کمپنی کی فعالیت، قواعد وضوابط پر سفارشات کا مسودہ تیار کرلیا گیا ہے

کراچی(اسپیشل رپورٹر) ملک میں گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کے بحران پر سندھ حکومت نے وفاق اور صوبوں میں قدرتی وسائل پر نئے معاہدے کا مطالبہ کیا ہے، صوبائی وزیر توانائی امتیاز شیخ کا کہنا ہے گیس کی تقسیم کا معاہدہ از سر نو بنایا جائے۔ امتیاز شیخ کا کہنا ہے کہ سندھ میں پیٹرولیم کمپنی شیل گیس کی تلاش کیلئے کام کرے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مجوزہ کمپنی سندھ میں گیس و پیٹرول کی تلاش کے لائسنس دیگی۔ ذرائع کے مطابق کمپنی کی فعالیت، قواعد وضوابط پر سفارشات کا مسودہ تیار کر لیا گیا ہے۔

اعجاز مغل کی ایڈجسٹمنٹ پر وزیر صحت انصر ابدالی کے مشکور ہیں، محمد یونس مغل

کھوئی رٹہ(خبر نگار) معروف تاجر محمد یونس مغل نے کہا کہ اعجاز مغل کی ایڈجسٹمنٹ پر وزیر صحت انصر ابدالی کے مشکور ہیں بلا شبہ انصر ابدالی تمام برادریوں کو ایک گلدستے کی مانند لے کر چل رہے ہیں جو کہ خوش آئند ہے پورا حلقہ کھوئی رٹہ سے مختلف برادریوں سے میرٹ پر ایڈجسٹمنٹ احسن اقدام ہے (بقیہ نمبر29)

لاہور: حفاظتی ضمانت کی درخواست، ہائیکورٹ کی عمران خان کو کل تک پیش ہونے کی مہلت

پی ٹی آئی پنجاب کے منحرف ارکان کی اپیلوں پر سماعت

لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو پنجاب انتخابات کی تاریخ کا حکم دیا

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی پنجاب کے منحرف ارکان کی اپیلیں غیر مؤثر ہونے کی بناپر خارج کر دیں، عدالت میں سماعت کے دوران پنجاب کے انتخابات کا بھی تذکرہ ہوا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں تحریک انصاف پنجاب کے منحرف ارکان کی ڈی سیٹ سے (بقیہ نمبر 7)

عدالت نے پرویزالٰہی کی مبینہ اہلیہ کو گرفتار کرنے سے روک دیا

لاہور(خبر نگار) عدالت نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویزالٰہی کی مبینہ اہلیہ کو گرفتار کرنے سے روکنے کا حکم دے دیا۔ سیشن کورٹ لاہور میں ایف آئی اے منی لانڈرنگ کے مقدمے کی (بقیہ نمبر6)

وفاقی حکومت کا پارلیمنٹ سے منی بجٹ کی منظوری جلد از جلد لینے کا فیصلہ

منی بجٹ کی منظوری کے حوالے سے سینیٹ اجلاس بدھ کو شام ساڑھے 4 بجے طلب کر لیا گیا

ذرائع کے مطابق حکومت نے پرتعیش اشیا پر ڈیوٹی کی شرح 25 فیصد تک پہنچانے کی تیاری مکمل کر لی

اسلام آباد(نامہ نگار) وفاقی حکومت نے پارلیمنٹ سے منی بجٹ کی منظوری جلد از جلد لینے کا فیصلہ کر لیا، حکومت کل شام تک آئی ایم ایف سے سٹاف لیول معاہدہ کرنا چاہتی ہے۔ منی بجٹ کی منظوری کے حوالے سے سینیٹ اجلاس بدھ کو شام ساڑھے 4 بجے طلب کر لیا گیا، چیئرمین (بقیہ نمبر 8)

ترامیم کیس: پارلیمنٹ نیب ختم کر دے تو اس کی بحالی چیلنج نہیں کی جا سکتی، وکیل

اسلام آباد(خبر نگار) سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کے خلاف عمران خان کی درخواست پر سپریم کورٹ میں ہونے والی سماعت کے دوران جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ اب تک نہیں بتایا گیا نیب ترامیم سے کون سا بنیادی حق متاثر ہوا۔ دوران سماعت جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ نیب ترامیم کیس اب تک تو بنیادی حقوق کا کوئی پہلو سامنے نہیں آیا۔ جبکہ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے کہا کہ عدالت خود حکومت کے اختیارات استعمال نہیں کرنا چاہتی، احتساب عدالتوں سے واپس ہونے والے (بقیہ نمبر10)

زنیرہ اظفر کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ

غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن

میٹنگ میں تھانوں کے محرران کی شرکت، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کارکردگی کا جائزہ لیا

راولپنڈی(خبر نگار) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ، میٹنگ میں تھانوں کے محرران کی شرکت، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، زیر تفتیش مقدمات کے چالان بروقت مرتب کیے جائیں، تھانوں میں آنے والے شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں تھانوں کے محرران نے شرکت کی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے محرران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ گشت کے نظام کو مزید موثر بناتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں، زیر تفتیش مقدمات کے چالان (بقیہ نمبر 9)

پنجاب اسمبلی انتخابات کی تاریخ کا معاملہ، الیکشن کمیشن کو رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

اظہر صاحب آپ کی درخواست اتنی جلدی لگ کیسے جاتی ہے؟ آپ کو اتنی جلدی کیا ہے، جسٹس جواد حسن

عدالت پریس ریلیزوں کو نہیں مانتی، الیکشن کمیشن کے پاس اپیل کے لئے 20 روز ہیں، آپ انتظار کریں، جسٹس جواد حسن

لاہور(اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب میں انتخابات کی تاریخ کے معاملے پر الیکشن کمیشن کو رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ بدھ کو لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جواد حسن نے عدالتی احکامات کے باوجود پنجاب میں الیکشن کی تاریخ نہ دینے پر الیکشن کمیشن اور گورنر پنجاب (بقیہ نمبر19)

کراچی: آئندہ سال گنے کی فی من قیمت 4 سو روپے کی جائے گی: آصف زرداری

پارٹی سربراہی سے ہٹانے کا کیس، الیکشن کمیشن کی عمران خان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد(نامہ نگار) پارٹی سربراہی سے ہٹانے کا کیس، الیکشن کمیشن نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر18)

پشاور، نامعلوم موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے ٹریفک اہلکار زخمی

پشاور(جنرل رپورٹر) پشاور کے علاقے گل بہار میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے حبیب نامی ٹریفک اہلکار شدید زخمی ہوگیا۔ تھانہ گل بہار پولیس نے زخمی ٹریفک اہلکار کو قریبی ہسپتال منتقل کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لئے سرچ (بقیہ نمبر 21)

غازی پولیس افسران ہمارا فخر ہیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی، غازی پولیس افسران سے ملاقات

راولپنڈی(جنرل رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں دہشت گرد حملوں اور پولیس مقابلوں میں زخمی ہونے والے غازی پولیس افسران سے ملاقات، سی پی او (بقیہ نمبر 20)

پی اے آر سی، USDA اور USAID، CABI کا پودوں اور انسانوں کی صحت کے تحفظ کیلئے اپنا تعاون جاری رکھیں گے، ڈاکٹر غلام محمد علی

سندھ میں مرچ کی فصل پر بائیو کنٹرول کے جدید نظام کا نفاذ کیا جا رہا ہے۔ ایرا فریڈمین، یو ایس ایڈ

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز میں پہلی افلاٹوکسین بائیوکنٹرول لیبارٹری قائم کی جا چکی ہے۔ ڈاکٹر بابر احسان باجوہ، CABI

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنس انٹرنیشنل (CABI) نے USDA اور USAID کے تعاون سے منگل کو نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر، اسلام آباد میں اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ کا مقصد پروجیکٹ کی کامیابیوں کو متعلقہ اسٹیک ہولڈرز تک پہنچانا ہے۔ ورکشاپ میں ریسرچ کمیشنگ اور ریسرچ پر عمل درآمد سے وابستہ مختلف اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی جن میں صوبائی زراعت کے محکمے، قومی زرعی تحقیقاتی مرکز سے منسلک ایجنسیاں، ERP-IPEP ،CDRI، ڈائریکٹر، AZRC عمرکوٹ نجی شعبے اور (بقیہ نمبر28)

USAID
USDA
CABI
Stakeholders Engagement Workshop
Regulatory Harmonization in Pakistan for MRLs and Biopesticides
National Agricultural Research Centre (NARC), Islamabad
February 14

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیوسائنس انٹرنیشنل (CABI) نے USDA اور USAID کے تعاون سے منگل کو نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر، اسلام آباد میں اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ ورکشاپ کا انعقاد

Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

ترکیہ اور شام کا ہولناک زلزلہ

جنوبی ترکیہ اور شمال مغربی شام میں ہولناک زلزلے سے اموات کی تعداد پانچ ہزار سے تجاوز کر گئی ہے، اِن سطور کی تحریر تک ترکیہ میں قریباً ساڑھے تین ہزار جبکہ شام میں اموات کی تعداد پندرہ سو سے زائد بتائی جا رہی تھی جبکہ دونوں ممالک میں زخمیوں اور لاپتہ افراد کا اندازہ لگانا ابھی ممکن نہیں ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق کل ہلاکتیں ابتدائی اندازے سے کئی گنا زیادہ ہو سکتی ہیں، یہ خدشہ اِس لیے بھی ظاہر کیا جا رہا ہے کہ زلزلہ علی الصبح سوا چار بجے آیا اس لیے زیادہ تر لوگ اپنے گھروں کے اندر ہی موجود تھے اور سو رہے تھے۔ سڑکیں تباہ ہونے، شدید سرد موسم اور بارش کے باعث عمارتوں کے ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے میں تاخیر کا سامنا ہے۔ زلزلے کی شدت 7.8 تھی، ساڑھے پانچ ہزار سے زائد عمارتیں منہدم ہونے سے لاتعداد افراد ملبے تلے دب گئے، بہت سے افراد کو نکال لیا گیا تاہم ہزاروں افراد زخمی جبکہ سینکڑوں لاپتہ ہیں، کئی علاقے صفحۂ ہستی سے مٹ گئے۔ شامی حکام کے مطابق زلزلے سے حما، حلب اور لتاکیہ نامی صوبے متاثر ہوئے۔ زلزلے کی وجہ سے زیادہ تباہی ترکیہ میں آئی ہے، اِسے وہاں کی 100 سالہ تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ قرار دیا جا رہا ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق زلزلے کا مرکز ترکیہ سے 23 کلومیٹر جنوب میں واقع غازی عنتپ صوبہ تھا جبکہ گہرائی 17.9 کلومیٹر تھی، زلزلے کے جھٹکے ایک منٹ تک محسوس کیے جاتے رہے، اب تک وسطی علاقوں میں 120 کے قریب آفٹر شاکس ریکارڈ کیے جا چکے ہیں جن میں سے بعض کی شدت 5 تھی جبکہ 11 منٹ بعد آنے والے آفٹر شاکس کی شدت 6.7 بتائی جا رہی ہے۔ زلزلے سے کہرمان، عثمانیہ، ملاطیا اور دیار بکر سمیت 10 شہر زیادہ متاثر ہوئے، اِس کے علاوہ قبرص، یونان، اردن، لبنان، جارجیا، آرمینیا اور اسرائیل میں بھی جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ترکیہ کے نائب صدر کے مطابق زلزلے کے بعد کہرمان مرعش اور غازی عنتپ کے ہوائی اڈے عام پروازوں کیلئے بند کر دیئے گئے، زلزلے سے متاثرہ 10 شہروں میں سکول بھی ایک ہفتے کے لئے بند کر دیئے گئے ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق زلزلے کے باعث ترک صوبہ حاطے میں قدرتی گیس پائپ لائن میں آگ بھی بھڑک اٹھی، احتیاطی تدابیر کے طور پر وہاں قدرتی گیس کی فراہمی روک دی گئی۔ ترک صدر طیب اردوان نے ملک میں ہولناک زلزلے کے بعد ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے ایک ہفتے کے سوگ کا اعلان کر دیا، اِس دوران ترک پرچم سرنگوں رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ 1939 کے بعد سے سب سے تباہ کن زلزلہ ثابت ہوا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بھی ترکیہ اور شام میں زلزلے پر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ ترکیہ کی ڈیزاسٹر اینڈ ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی نے بین الاقوامی امداد کی اپیل کی ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق آذربائیجان سے سرچ ریسکیو کے 370 ماہرین ترکیہ پہنچ چکے ہیں، صدر طیب اردوان کے مطابق امریکہ، روس اور پاکستان سمیت 45 ممالک سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں مدد کی پیشکش کر چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بھی زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے بین الاقوامی برادری سے مدد کی اپیل کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وائٹ ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق امریکی صدر نے یو ایس ایڈ اور وفاقی اداروں کو زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں امداد کی فراہمی کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ یورپی یونین اور نیٹو کے علاوہ کئی ممالک بھی اپنی اپنی امدادی ٹیمیں روانہ کر رہے ہیں۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے بھی طیب اردوان سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے زلزلے سے متاثرہ خاندانوں اور ترکیہ کے عوام سے اظہار تعزیت کی اور مدد کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ میں شدید زلزلے سے ہونے والے نقصانات پر افسوس اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے، ترکیہ کی حکومت اور عوام سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لیے مغفرت جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ وزیراعظم نے ترکیہ میں زلزلہ زدگان کی امداد کے لیے ریلیف فنڈ قائم کر دیا ہے، جس میں وفاقی کابینہ کے اراکین اپنی ایک ماہ کی تنخواہ جبکہ وفاقی حکومت کے گریڈ 18 سے گریڈ 22 کے سرکاری افسران ایک دن کی تنخواہ جمع کرائیں گے۔ شہباز شریف نے تمام پاکستانیوں کو اِس فنڈ میں زیادہ سے زیادہ حصہ ڈالنے کی اپیل بھی کی ہے۔ ان کی ہدایت پر خصوصی طیاروں کے ذریعے خیمے، کمبل دیگر اشیائے ضروریہ سمیت سات ٹن امدادی سامان اور آرمی کی سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کو روانہ کر دیا گیا ہے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منگل کی صبح پی آئی اے کی ایک پرواز سے 50 رکنی ریسکیو اینڈ ریلیف ٹیم کے ساتھ ساتھ 15 ٹن امدادی سامان بھی بھجوایا گیا ہے۔ سندھ کابینہ نے بھی ترکیہ کے زلزلہ متاثرین کے لیے ایک لاکھ ٹینٹ دینے کی منظوری دے دی ہے۔ اس کے علاوہ آج سے روزانہ پی آئی اے کی پروازوں کے ذریعے اسلام آباد اور لاہور سے امدادی سامان بھیجا جائے گا جبکہ وزارت صحت اور آرمی میڈیکل کی دیگر ٹیمیں بھی جلد وہاں جائیں گی۔ وزیراعظم مصیبت کی اِس گھڑی میں اظہار ہمدردی کیلئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ ترکی بھی جا رہے ہیں جہاں وہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے اور ترک صدر طیب اردوان سے انقرہ میں ملاقات بھی کریں گے۔ یہ مشکل وقت ہے، قدرتی آفت نے جس طرح وہاں تباہی مچائی ہے اِس کی مثال کم ہی ملتی ہے۔ زلزلے کی تباہی کی وجہ سے پوری دنیا سوگوار ہے اور متاثرہ ممالک کے ساتھ کھڑی ہے۔

امن وامان کی مخدوش صورتحال، بڑے آپریشن کی ضرورت!

خیبر پختونخوا میں آج کل امن وامان کی صورت حال خاصی مخدوش ہوتی جا رہی ہے، آئے روز دہشت گردی، بھتہ خوری، قتل، اغوا برائے تاوان اور ڈکیتی کے سنگین واقعات نے شہریوں سے دن کا سکون اور رات کا چین چھین لیا ہے۔ ٹارگٹ کلنگ کے بعد مسلکی اختلاف کی بنیاد پر بھی اشتعال

نعیم مصطفی

انگیزی سر اٹھا رہی ہے، تین چار روز قبل ایک مقامی سکول میں معمولی سی بات پر ہونے والی ہنگامہ آرائی طول پکڑ گئی اور نوبت دو گروہوں کے آمنے سامنے ڈٹ جانے تک جا پہنچی۔ گاڑیوں کی توڑ پھوڑ سمیت کئی متشدد واقعات بھی پیش آئے۔ معاملہ مزید بگڑ جاتا اگر بعض دانش ور علمائے کرام بیچ بچا نہ کراتے۔ نگران وزیر اعلیٰ اعظم خان نے اس حوالے سے علما اور مذہبی قائدین کے کردار کو خوب سراہا اور اسی تناظر میں انہوں نے تمام مکتبہ فکر کے مذہبی رہنماں اور علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ صوبے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ اور عوام الناس کی رہنمائی کرنے میں اپنا کردار ادا کریں جو اس وقت نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی شدید ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ کا اس موقع پر بڑا خوش آئند موقف سامنے آیا جس میں انہوں نے کہا کہ علمائے کرام اور مذہبی رہنماں نے ہمیشہ ایسے معاملات میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا ہے اور یقین ہے کہ علمائے کرام اپنا یہ مثبت کردار آئندہ بھی ادا کرتے رہیں گے۔ صوبے کی موجودہ صورت حال اور عام انتخابات کے پر امن انعقاد کے تناظر میں ایک پر امن ماحول کی ضرورت پہلے سے زیادہ محسوس کی جا رہی ہے۔ ایسی صورتحال میں ہم کسی بھی فرقہ وارانہ مسائل کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اس امر میں کوئی شبہ نہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن فورس کا کردار نبھانے والی خیبرپختونخوا پولیس کو دہشت گردوں نے کچھ سالوں سے براہ راست نشانے پر رکھا ہوا ہے۔

مختلف اضلاع میں تواتر سے پولیس کو نشانہ بنانے کے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ پشاور کے نواحی علاقے سربند میں ایک ڈی ایس پی کو دو گارڈز سمیت نشانہ بنایا گیا۔ اس سے قبل لکی مروت، بنوں، ٹانک، وزیرستان اور ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس کو نشانہ بنایا گیا۔ چارسدہ، نوشہرہ اور مردان میں ایسے واقعات رونما ہو چکے ہیں لیکن ڈسٹرکٹ پولیس لائنز پشاور کی جامع مسجد میں بڑے پیمانے پر پولیس کے سب سے مضبوط حصار کو توڑ کر بڑا حملہ کر کے بہت بڑا چیلنج کیا گیا۔ بلاشبہ ان واقعات کے سامنے پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حوصلہ نہیں ہارا اور کئی موقعوں پر دہشت گردوں کی کمر بھی توڑی گئی۔ اس جنگ میں ان لازوال قربانیوں نے قوم کی نظروں میں پولیس کی عظمت و توقیر میں بہت اضافہ کیا ہے۔ لیکن بدامنی اور دہشت گردی کا ایک واقعہ پورے معاشرے اور اس کے ہر شعبے کو جس طرح جھنجھوڑ کر رکھ دیتا ہے۔

اے چارہ گرو قابل درماں نہیں یہ درد

بعض اوقات بہت طاقتور لوگ بھی کمزور نظر آتے ہیں پرویز مشرف اپنے عہد کے طاقتور ترین حکمران تھے بڑے بڑے مشکل فیصلے بھی ان کی ایک جنبش ابرو پر کر دیئے جاتے یوں تو انکی خدمات کا دائرہ وسیع ہے لیکن اپنے دور اقتدار میں وہ بھی سیاسی مصلحتوں کی زنجیروں میں جکڑے دکھائی دیئے جنرل پرویز مشرف صاحب نارووال معروف گلوکار ابرار الحق کے ہسپتال تشریف لائے آج کے سی سی پی او لاہور بلال صدیق کیانہ اس وقت نارووال کے

ندیم اختر ندیم

ڈی پی او تھے مشرف صاحب کی آمد پر وہاں سیاسی سماجی شخصیات بھی تھیں جنہیں پرویز مشرف صاحب کے سٹیج سے ذرا دور بٹھایا گیا تھا ہم بھی وہاں موجود تھے اس وقت نارووال کے ڈی سی او صاحب حاضرین میں بیٹھے اچانک شائد کسی انتظامی سلسلہ میں اٹھے اور مشرف صاحب کے سٹیج کی ایک طرف بڑھے مشرف صاحب کی سکیورٹی پر مامور ایک اہلکار نے ڈی سی صاحب کو رکنے کا اشارہ کیا ڈی سی صاحب نے بتایا کہ وہ نارووال کے ڈپٹی کمشنر ہیں اور فلاں کام کے لیے آئے ہیں لیکن اس اہلکار نے سر کو نفی میں جنبش دیتے ہوئے ڈی سی صاحب کو آگے بڑھنے سے روک دیا تھا اور ڈی سی صاحب واپس اپنی نشست پر جا بیٹھے ایسی سکیورٹی تھی جناب پرویز مشرف کی اس تقریب میں اس وقت پنجاب کے گورنر جنرل خالد مقبول بھی تھے نارووال کی سول سوسائٹی کے معزز افراد بھی تھے مشرف صاحب خطاب کے لئے اٹھے تو نارووال کے شہریوں نے مشرف صاحب کو خطاب نہ کرنے دیا اور سوئی گیس کے نعرے لگانا شروع کر دیئے مشرف صاحب نے کہا کہ وہ اس سلسلہ میں بات کرتے ہیں لیکن شہری بدستور سوئی گیس سوئی گیس کے نعرے لگاتے رہے کہ نارووال کو سوئی گیس دی جائے مشرف صاحب بات کرنے لگتے تو پھر شہریوں کی سوئی گیس سوئی گیس کے نعروں کی آواز گونجنے لگتی مختصر یہ کہ سوئی گیس کے مطالبے پر شہریوں نے مشرف صاحب کی ایک نہ سنی جبکہ کچھ شہریوں نے اپنی شرٹس اتار کر لہرا لہرا کر سوئی گیس کے نعرے لگائے شہری بھی اس لئے بضد تھے کی اگر مشرف صاحب نے سوئی گیس کا اعلان کر دیا تو وہ اپنے وعدے کی پاسداری تو کریں گے کہ ان کے عوام سے کئے وعدے سیاست کی بھینٹ نہیں چڑھتے تھے لیکن سیاست کی مجبوریوں سے بندھے مشرف صاحب بھی نارووال کو سوئی گیس نہیں دے سکے تھے اس کے بعد پیپلز پارٹی کے دور میں نارووال ضلع میں سوئی گیس آئی وہ بھی شکر گڑھ کے سیاستدان طارق انیس چوہدری اپنی وزارت میں سوئی گیس لائے نہ صرف وہ سوئی گیس لائے بلکہ سوئی گیس ضلع نارووال کی بجائے شکر گڑھ تحصیل میں آئی جس کا افتتاح اس وقت کے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے شکر گڑھ ہی میں کیا۔ قارئین کرام! اس تفصیل کا مقصد یہ ہے کہ حکمران چاہے کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو وہ سیاسی مخمصوں کا شکار رہتا ہے اور سیاست بھی کیسی جو عوام کے مسائل دوچند کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ آج آزادی کے 75 سال بعد بھی عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں یہاں ہر سیاستدان اپنے دور کی حکومت کے خلاف صف آرا رہا ہے اگر ہمارے سیاستدان اپنے حکمرانوں کے خلاف محاذ آرائیوں سے گریز ہی کرتے تو بھی آج ہمارے حالات مختلف ہوتے میں یہ تو نہیں کہتا کہ پہلی حکومتوں نے دودھ اور شہد کی نہریں بہا دیں لیکن عوام اس قدر لاچار نہ تھے جیسے اب ہیں مشرف صاحب کے دور میں بھی آٹا، چینی کا بحران سر اٹھاتا رہا ہے لوڈ شیڈنگ اس وقت بھی عروج پر تھی لیکن مشرف دور میں ہم آئی ایم ایف کے ایسے رہین منت نہ تھے۔ نواز شریف کے آخری دور میں جب سی پیک جیسا انقلاب آیا تو بھی ایک امید بندھ گئی تھی کہ اب ہم دنیا کا قرض اتارنے کے قابل ہو جائیں گے معاشی استحکام حاصل کر لیں گے لیکن جناب عمران خان نے ایسی ہٹ دھرمی سے کام لیا کہ خدا کی پناہ حالانکہ جناب عمران خان نواز شریف کو ان کی آئینی مدت آرام سے پوری کرنے دیتے ان کی حکومت کی راہ میں حائل نہ ہوتے اپنے دھرنوں کی بجائے انتظار اور صبر سے کام لیتے تو شائد آج ملک کی حالت ایسی گھمبیر نہ ہوتی لیکن عمران خان نے تو جیسے تہیہ کر لیا تھا کہ نواز شریف حکومت کو چلنے نہیں دینا مسلم لیگ)ن (کی حکومت نے جیسے تیسے اپنا وقت پورا کیا تو عمران خان عوام سے کئے اپنے وعدوں کی بہار لے کر آ گئے کہ وہ پاکستان کے پچھتر سالہ مسائل حل کر دیں گے ہم دنیا کے مقروض نہیں رہیں گے مہنگائی نہیں ہوگی نوکریاں دی جائیں گی اور بہت کچھ لیکن عمران خان کے وعدے بھی ریت کی دیوار ثابت ہوئے عمران خان کی وزارت عظمی میں عوام کے مسائل میں اضافہ ہوتا گیا اور عمران خان عوامی مسائل کو حل کرنے کی بجائے سیاسی مخالفین کے پیچھے پڑے رہے اور انہیں چن چن کر پابند سلاسل کرتے گئے نتیجتا خان صاحب کا اقتدار عوامی ریلیف کی بجائے ایک تکلیف کا باعث بن کر رہ گیا، پھر دیگر جماعتیں عمران خان کی حکومت کے خلاف متحد ہو گئیں جیسے عمران خان کو نواز شریف کی حکومت کے آڑے نہیں آنا چاہئے تھا ایسے میں سمجھتا ہوں عمران خان کو بھی اپنا وقت پورا کرنے دیا جانا چاہئے تھا لیکن ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرائی کا یہ سلسلہ کہیں رکتا نظر نہیں آتا ہم دنیا کے ممالک کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کیسے ترقی کی، دوست ملک چائنہ کو ہی لیجئے۔

ہم کدھر جا رہے ہیں؟

اپنی آنکھیں بند کیجئے، دل پر ہاتھ رکھئے اور سچ بتائیے، کیا ہماری حالت اس گم راہ مسافر جیسی نہیں ہے، جو کہیں جا تو رہا ہے لیکن اسے یہ معلوم ہی نہیں کہ وہ کہاں پہنچے گا، اور پہنچے گا بھی یا نہیں۔ پرانے زمانے میں جب ابلاغ کے ذرائع اتنے زیادہ نہیں تھے، لوگ راتوں کو حتی کہ دن میں بھی سفر کرتے تو اکثر بھول جاتے تھے کہیں کے لئے چلتے لیکن کہیں کے کہیں پہنچ جاتے اور پھر بھٹکتے پھرتے، پوچھتے پھرتے کہ فلاں منزل کا راستہ کون سا ہے؟ کدھر کو جائیں تو آسانی رہے گی اور کس سمت رخ کریں تو

محمد معاذ قریشی

منزل آسان ہو سکے گی۔ ہم نے ایک الگ وطن کا مطالبہ کیا، بجا طور پر کیا تا کہ ہم اپنی مرضی کے مطابق اپنی سماجی و مذہبی زندگی بسر کر سکیں، آگے بڑھنے کے یکساں مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ آغاز میں یہ جذبہ پوری تابانی کے ساتھ موجود رہا، لیکن پھر ماند پڑتا گیا۔ اجتماعی کی جگہ انفرادی سوچ نے غلبہ اختیار کر لیا۔ ہم نے ملک اور قوم کے بارے میں سوچنا چھوڑ دیا اور صرف اپنے بارے میں سوچنا شروع کر دیا۔ یہ رویہ زور پکڑ گیا کہ اپنے گھر میں سب کچھ ہونا چاہئے، ملک اور قوم کے پلے چاہے کچھ نہ رہے۔

اب حالت یہ ہو چکی ہے کہ ہمارے خزانے میں محض چند روز کی عالمی تجارت کے پیسے بچے ہیں اور ہمیں کوئی قرضہ دینے کے لئے بھی تیار نہیں، حالانکہ ہمارے عالمی برادری میں کئی دوست بھی ہیں۔ ہمیں محض ایک ارب ڈالر کے حصول کے لئے آئی ایم ایف کی کڑی شرائط تسلیم کرنا پڑ رہی ہیں۔ معاملات اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ خام مال نہ ملنے کی وجہ سے متعدد چھوٹی صنعتیں بند ہو چکی ہیں اور جو گھسٹ گھسٹ کر چل رہی ہیں، بند ہونے کے قریب ہیں۔ ٹیکسٹائل گارمنٹس سمیت دیگر صنعتوں کی پیداوار بھی آدھی رہ گئی ہے۔ دوسرے شعبوں کے کئی صنعتی یونٹس بند پڑے ہیں۔ ان صنعتوں سے منسلک ہزاروں بلکہ لاکھوں مزدور بے روزگار ہو چکے ہیں جبکہ باقی بیروزگاری کے خوف میں مبتلا ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کام ہی نہیں، مزدوری کیسے ملے گی؟ تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر کے مطابق ایل سیز نہ کھلنے سے ملک میں 30 سے 40 فیصد انڈسٹری بند ہو چکی ہے، توانائی کے بحران کے باعث معیشت کو نقصان ہو رہا ہے۔ قومی معیشت کا بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ گہرا ہوتا جا رہا ہے اور زندگی کے ہر شعبے کو متاثر کر رہا ہے۔ قرضوں کا بڑھتا حجم، مالیاتی و کرنٹ اکاؤنٹ خسارے اور روپے کی قدر میں تاریخی گراوٹ، یہ سارے عوامل اس بحران کو شدید سے شدید تر کرتے چلے جا رہے ہیں۔ افراط زر اور مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور روپے کی قدر میں گراوٹ کی وجہ سے قوت خرید بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ حکومت نے ابھی حال ہی میں آئی ایم ایف کے اشارے بلکہ حکم پر ڈالر کی قدر کو کھلی منڈی پر آزاد چھوڑا ہے، جس کے بعد ڈالر روپے کے مقابلے میں بیس فیصد تک مہنگا ہو چکا ہے اور قدر کی گراوٹ کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ ابھی کل کی خبر تھی کہ مہنگائی گزشتہ کئی برسوں کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، مگر یہ مہنگائی صرف عوام کے لئے ہے۔ حکمران طبقے اور ریاستی اشرافیہ کے اللے تللے جوں کی توں جاری ہیں۔ محنت کش عوام کو ذلتوں کی اتھاہ گہرائیوں میں دھکیل دیا گیا ہے۔ برآمدات مسلسل سکڑ رہی ہیں اور برآمدات کو بڑھانے کے تمام تر دعوے باطل واقع ہو چکے ہیں۔

معاملات کو سنبھال نہ سکنے پر اور ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن نہ کر سکنے پر کچھ شرمندہ ہونے اور معذرت کرنے کی بجائے عوام کے سامنے یہ مجبوری پیش کی جا رہی ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے عوام کے لئے کچھ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ ان سے یہ سوال تو بنتا ہے کہ جب آئی ایم ایف کے قرضوں کا معاملہ نہیں تھا اور اس عالمی اقتصادی ادارے نے اپنی شرائط نہیں رکھی تھیں، اس وقت کیا حکمرانوں نے عوام کی عیاشیاں کرا دی تھیں؟ تب بھی عوام سے قربانی دینے کو کہا جا رہا تھا اور اب بھی عوام ہی خود کو مہنگائی کی دہلیز پر قربان کرنے پر مجبور ہیں۔

2014 میں جب آرمی پبلک سکول پشاور کا سانحہ پیش آیا تو اے پی سی بلائی گئی اور اس میں بیس نکاتی نیشنل ایکشن پلان مرتب کیا گیا تھا۔ یہ عزم بھی ظاہر کیا گیا کہ اس ایکشن پلان پر اس کی روح کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایسا ہوا؟ میرے خیال میں ایسا ہوا ہوتا تو آج ہمیں اسی مقصد کے لئے ایک اور اے پی سی نہ بلانی پڑتی۔ دو ہزار چودہ میں ہم سوچ رہے تھے کہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے اور آج بھی ہم یہی سوچ رہے ہیں کہ دہشت گردی کو کیسے روکا جائے، ملک میں امن کیسے بحال کیا جائے؟

جب ہم چھوٹے تھے تو سنتے کہ ملک کو خوراک کے لحاظ سے خود کفیل بنانے کی کوششیں کی جاری ہیں۔ دو ایک زرعی اصلاحات بھی لائی گئیں، لیکن دوسرے بہت سے معاملات کی طرح ان پر بھی محض جزوی طور پر عمل ہو سکا۔ نتیجہ یہ کہ آج بھی ہمارے سامنے سب سے بڑا سوال یہی ہے کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی خوراک کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے؟ ہم باہر سے مہنگی گندم منگوا کر کھاتے ہیں لیکن خود یہ کوشش نہیں کرتے کہ اپنی ضرورت کے مطابق گندم پیدا کر لیں تا کہ کم از کم اپنی خوراک تو خود اگا سکیں۔ ذرا سوچیں کہ اگر ہم اپنی خوراک خود اگانے کے قابل ہو جائیں تو کتنا زر مبادلہ بچ سکتا ہے اور دوسری اہم درآمدات پر خرچ ہو سکتا ہے۔

میرے خیال میں ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بنائی گئی پالیسیوں کا عدم تسلسل ہے۔ ایک حکومت آتی ہے تو ایک پالیسی بناتی ہے اور اگلی حکومت آ کر نئی پالیسیاں مرتب کر لیتی ہے۔ ان پالیسیوں پر ابھی پوری عمل درآمد نہیں ہوا ہوتا کہ تیسری حکومت یا اس حکومت سے پہلے والی حکومت آ کر ان پالیسیوں کو طاق پر رکھ دیتی ہے اور پھر اپنی وہی پرانی پالیسیاں پھر لے آتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ کسی بھی طرح کی پالیسیوں پر پوری طرح عمل درآمد نہیں ہو پاتا اور اس کا نقصان قومی خزانے کو پہنچتا ہے اور عوام کو یہ عذاب پس ماندہ رہ جانے کی صورت میں بھگتنا پڑتا ہے، جو وہ مسلسل بھگت رہے ہیں۔ گزشتہ پچھتر برسوں سے یہی ہو رہا ہے۔

اور جب تک ہم اپنی سمت درست نہیں کرتے، یہی کچھ ہوتا رہے گا، ہم بھٹکتے رہیں گے اور منزل ہم سے دور ہوتی جائے گی۔

معاملات کو سنبھال نہ سکنے پر اور ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن نہ کر سکنے پر کچھ شرمندہ ہونے اور معذرت کرنے کی بجائے عوام کے سامنے یہ مجبوری پیش کی جا رہی ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے عوام کے لئے کچھ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ ان سے یہ سوال تو بنتا ہے کہ جب آئی ایم ایف کے قرضوں کا معاملہ نہیں تھا اور اس عالمی اقتصادی ادارے نے اپنی شرائط نہیں رکھی تھیں، اس وقت کیا حکمرانوں نے عوام کی عیاشیاں کرا دی تھیں؟ تب بھی عوام سے قربانی دینے کو کہا جا رہا تھا اور اب بھی عوام ہی خود کو مہنگائی کی دہلیز پر قربان کرنے پر مجبور ہیں۔

2014 میں جب آرمی پبلک سکول پشاور کا سانحہ پیش آیا تو اے پی سی بلائی گئی اور اس میں بیس نکاتی نیشنل ایکشن پلان مرتب کیا گیا تھا۔ یہ عزم بھی ظاہر کیا گیا کہ اس ایکشن پلان پر اس کی روح کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایسا ہوا؟ میرے خیال میں ایسا ہوا ہوتا تو آج ہمیں اسی مقصد کے لئے ایک اور اے پی سی نہ بلانی پڑتی۔ دو ہزار چودہ میں ہم سوچ رہے تھے کہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے اور آج بھی ہم یہی سوچ رہے ہیں کہ دہشت گردی کو کیسے روکا جائے، ملک میں امن کیسے بحال کیا جائے؟

جب ہم چھوٹے تھے تو سنتے کہ ملک کو خوراک کے لحاظ سے خود کفیل بنانے کی کوششیں کی جاری ہیں۔ دو ایک زرعی اصلاحات بھی لائی گئیں، لیکن دوسرے بہت سے معاملات کی طرح ان پر بھی محض جزوی طور پر عمل ہو سکا۔ نتیجہ یہ کہ آج بھی ہمارے سامنے سب سے بڑا سوال یہی ہے کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی خوراک کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے؟ ہم باہر سے مہنگی گندم منگوا کر کھاتے ہیں لیکن خود یہ کوشش نہیں کرتے کہ اپنی ضرورت کے مطابق گندم پیدا کر لیں تا کہ کم از کم اپنی خوراک تو خود اگا سکیں۔ ذرا سوچیں کہ اگر ہم اپنی خوراک خود اگانے کے قابل ہو جائیں تو کتنا زر مبادلہ بچ سکتا ہے اور دوسری اہم درآمدات پر خرچ ہو سکتا ہے۔

میرے خیال میں ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بنائی گئی پالیسیوں کا عدم تسلسل ہے۔ ایک حکومت آتی ہے تو ایک پالیسی بناتی ہے اور اگلی حکومت آ کر نئی پالیسیاں مرتب کر لیتی ہے۔ ان پالیسیوں پر ابھی پوری عمل درآمد نہیں ہوا ہوتا کہ تیسری حکومت یا اس حکومت سے پہلے والی حکومت آ کر ان پالیسیوں کو طاق پر رکھ دیتی ہے اور پھر اپنی وہی پرانی پالیسیاں پھر لے آتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ کسی بھی طرح کی پالیسیوں پر پوری طرح عمل درآمد نہیں ہو پاتا اور اس کا نقصان قومی خزانے کو پہنچتا ہے اور عوام کو یہ عذاب پس ماندہ رہ جانے کی صورت میں بھگتنا پڑتا ہے، جو وہ مسلسل بھگت رہے ہیں۔ گزشتہ پچھتر برسوں سے یہی ہو رہا ہے۔

اور جب تک ہم اپنی سمت درست نہیں کرتے، یہی کچھ ہوتا رہے گا۔

شوبز SHOWBIZ

عتیقہ اوڈھو نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی

اداکارہ نے سعودی عرب میں عمرہ کی ادائیگی کے دوران اپنی تصاویر اور ریلز شیئر کی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی ہے، اداکارہ نے سعودی عرب میں عمرہ کی ادائیگی کے دوران اپنی تصاویر اور ریلز شیئر کی ہیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کی گئیں تصاویر میں اداکارہ کو حرم میں کھڑے دیکھا جا سکتا ہے، تصاویر کے ساتھ کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ الحمدللہ میں نے عمرہ ادا کر لیا ہے، میں اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اللہ نے مجھے اپنے گھر پر بلایا۔ اداکارہ نے مزید لکھا کہ یہ ایک بہت ہی خوبصورت کیفیت تھی۔

سلمان خان کی نئی فلم ' کسی کا بھائی، کسی کی جان ' کا پہلا گانا جاری

فلم کے پہلے گانے کو بگ باس 16 کی اختتامی قسط کی شاندار تقریب میں ریلیز کیا گیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سپر سٹار سلمان خان کی نئی فلم ' کسی کا بھائی، کسی کی جان ' کا پہلا گانا نیو لگدا ' جاری کر دیا گیا۔ فلم کے پہلے گانے کو بگ باس 16 کی اختتامی قسط کی شاندار تقریب میں ریلیز کیا گیا جبکہ فلم عید کے موقع پر سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ گانے کو لداخ اور لیہہ کے خوبصورت مقامات پر فلمایا گیا ہے اور اس میں سلمان خان اور پوجا ہیگڈے کی متاثر کن پرفارمنس نظر آتی ہے۔ ہمیش ریشمیاں نے گانے کو ترتیب دیا جبکہ شبیر احمد نے اس کے بول لکھے ہیں، کمال خان اور پلک مچھل نے اسے اپنی عمدہ آواز میں گایا ہے۔ فرہاد سمجی کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم کو سلمان خان فلم پروڈکشن نے پروڈیوس کیا ہے اور فلم میں بالی ووڈ کے ایکشن، رومانس اور ڈرامہ کا تڑکا لگایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ فلم کسی کا بھائی، کسی کی جان کو رواں برس عید کے موقع پر دنیا بھر میں ریلیز کیا جائے گا۔



پاکستانی پروڈیوسر انڈین ویب سیریز سے خوفزدہ ہیں، صنم سعید

اگر انڈیا ہمارے ڈراموں کو اپنے ملک میں چلانے کی اجازت نہیں دیتا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ صنم سعید نے کہا ہے کہ ہمارے ڈرامہ پروڈیوسر انڈیا کے سٹریمز پلیٹ فارموں سے خوفزدہ ہیں۔ پاکستان میں انڈین او ٹی ٹی پلیٹ فارموں کی پابندی پر صنم سعید کا کہنا تھا کہ پروڈیوسروں کو خوف ہے کہ اگر ہمارے تمام اداکار منفرد کام کیلئے دیگر پروڈکشن ہاسز میں کام کریں گے تو پھر ہمارے ڈراموں میں کوئی کام نہیں کرے گا۔ صنم سعید نے انڈین ایپلیکیشن پر پابندی کو درست قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارے لوگوں کو ان پلیٹ فارموں کی لت لگ گئی تو پھر ہمارے ہاں ڈرامہ انڈسٹری چلانے والوں کو بہت نقصان ہوگا۔

عمران عباس جلد کونسی بھارتی فلم میں نظر آئیں گے؟

عمران عباس نے 6 اکتوبر 2023 کو فلم کی ریلیز کا اعلان کیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز کے نوجوان اداکار عمران عباس جلد بھارتی پنجابی فلم میں ڈیبیو دینے والے ہیں۔ عمران عباس نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنی پہلی بھارتی پنجابی فلم کی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہ جلد بھارتی پنجابی فلم انڈسٹری میں ڈیبیو کر رہے ہیں۔ عمران عباس اس سے قبل بالی ووڈ میں بھی کام کر چکے ہیں جبکہ وہ مشہور بھارتی فلم رام لیلا کے لیے بھی بھارتی فلم میکرز کی پہلی پسند تھے۔ انہوں نے بالی ووڈ اسٹار بپاشا باسو کے ساتھ فلم (Creature 3D) کی ہے تاہم اب پاکستانی فنکاروں پر پابندی کے بعد عمران عباس صرف پاکستان میں ہی کام کر رہے ہیں۔

عفت عمر نے 'ویلنٹائنز ڈے' پر کنگ خان کا اپنے لیے خصوصی پیغام شیئر کر دیا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ عفت عمر نے بالی ووڈ کے بادشاہ، شاہ رخ خان کا اپنے لیے 4 سال قبل بھیجا گیا خصوصی ویڈیو پیغام ویلنٹائنز ڈے پر دوبارہ شیئر کر دیا۔ ویڈیو پیغام کے آغاز میں کنگ خان نے اداکارہ کا نام لیکر سلام کیا اور پھر ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، شاہ رخ نے اداکارہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ جو بھی کرو، اس میں کامیابیاں حاصل کرو اور ہمیشہ خوش رہو۔ اداکارہ عفت عمر نے شاہ رخ کے 14 سیکنڈز پر مبنی ویڈیو کلپ کو ایک بار پھر شیئر کیا اور اپنے ہمیشہ کے کرش شاہ رخ خان کو ٹیگ بھی کیا۔ انہوں نے شاہ رخ کو ٹیگ کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے اپنی زندگی کے جو دو سیکنڈز مجھے دیے، وہ میری زندگی کا سب سے بڑا خوشی کا لمحہ ہے۔

پٹھان کی کامیابی نے کرینہ کپور کا مؤقف تبدیل کر دیا

لوگوں کی بڑی تعداد کورونا کے ختم ہونے کے باعث سینما گھروں کا رخ کر رہی ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور نے کہا ہے کہ آج کل لوگ اچھی فلمیں دیکھنا چاہتے ہیں۔ میڈیا کے مطابق کرینہ کپور کی فلم 'لال سنگھ چڈھا' کی ریلیز سے قبل اس کے بائیکاٹ کا مطالبہ کیا گیا تھا جس کے باعث فلم باکس آفس پر کامیاب نہ ہو سکی۔ اس موقع پر اداکارہ نے کہا تھا کہ اگر آپ ہماری فلمیں دیکھنا نہیں چاہتے تو سینما گھر مت آئیں، آپ سے کوئی زبردستی نہیں کر رہا۔ رپورٹس کے مطابق شاہ رخ خان کی فلم 'پٹھان' ریلیز ہونے اور اس کے کامیاب ہونے کے بعد کرینہ کپور کے نقطہ نظر میں بھی تبدیلی آئی ہے۔

دانش تیمور کو بالی ووڈ سے کرینہ کپور کے ساتھ فلم کی آفر ہوئی تھی؟

انہیں کرینہ کے ساتھ فلم آفر ہوئی جس کے لئے وہ اور عائزہ بیحد پر جوش تھے، اداکار

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز کے مشہور اداکار دانش تیمور نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں کرینہ کپور کے ساتھ بالی ووڈ کی کامیڈی فلم آفر ہوئی تھی۔ حال ہی میں دانش تیمور نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شریک ہوئے جہاں انہوں نے میزبان کے ساتھ بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ انہیں کرینہ کپور کے ساتھ بالی ووڈ سے ایک بڑی آفر ملی تھی۔ اداکار نے بتایا کہ انہیں کرینہ کے ساتھ فلم آفر ہوئی جس کے لئے وہ اور عائزہ بیحد پر جوش تھے وہ بالی ووڈ فلم ویرے دی ویڈنگ تھی جس کے لئے وہ بلکل تیار تھے۔ دانش تیمور نے کہا کہ مجھے پروڈکشن کی جانب سے تاریخیں بھی دی گئیں، مجھے اور جاوید شیخ کو ٹیم نے فائنل کیا، فلم کی شوٹنگ تھائی لینڈ میں ہونی تھی لیکن پھر کرینہ کپور حاملہ ہو گئیں اور فلم میں ہمیں کاسٹ نہیں کیا جا سکا کیونکہ

SPORTS سپورٹس

پی ایس ایل 8؛ پشاور زلمی کو سلو اوور ریٹ پر جرمانہ

زلمی نے کنگز کو سنسنی خیز مقابلے میں 2 رنز سے شکست دی تھی

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 8 کے دوسرے میچ میں پشاور زلمی پر سلو اوور ریٹ کے باعث جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں ایک دوسرے کے مدمقابل آئیں، جہاں زلمی نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کنگز کو 2 رنز سے شکست دی۔ تاہم میچ ریفری علی نقوی نے پشاور زلمی پر مقررہ ٹائم فریم سے ایک اوور کم ہونے کی وجہ سے سلو اوور ریٹ پر جرمانہ کیا گیا ہے۔ کوڈ آف کنڈکٹ برائے پلیئرز اور پلیئر سپورٹ پرسنل کے آرٹیکل 2.22 کے مطابق کپتان سمیت ہر کھلاڑی پر میچ فیس کے 10 فیصد جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 199 رنز بنائے تھے جبکہ کراچی کنگز کو 200 رنز کا ہدف ملا تھا تاہم کنگز کی ٹیم 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر محض 197 رنز بنا سکی تھی۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 8 کے دوسرے میچ میں پشاور زلمی پر سلو اوور ریٹ کے باعث جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں ایک دوسرے کے مدمقابل آئیں، جہاں زلمی نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کنگز کو 2 رنز سے شکست دی۔ تاہم میچ ریفری علی نقوی نے پشاور زلمی پر مقررہ ٹائم فریم سے ایک اوور کم ہونے کی وجہ سے سلو اوور ریٹ پر جرمانہ کیا گیا ہے۔

شعیب ملک نے اپنا موازنہ شاہ رخ خان اور نوواک جوکووچ سے کر دیا

میری کوشش ہے کہ 15 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کروں، آل راؤنڈر

کراچی (سپورٹس نیوز) آل راؤنڈر شعیب ملک نے اپنا موازنہ شاہ رخ خان اور نوواک جوکووچ سے کر دیا۔ کراچی میں پی ایس ایل سیزن 8 کے پشاور زلمی اور کراچی کنگز کے درمیان کھیلے گئے میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کراچی کنگز کے بیٹر شعیب ملک نے ہر شعبے میں تجربے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بھارتی فلم اسٹار شاہ رخ خان اور سربیا کے ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ کی مثال پیش کی۔ پریس کانفرنس میں ایک صحافی نے پشاور زلمی کے خلاف پرفارمنس کے بعد شعیب ملک کو 'اولڈ از گولڈ' کہا، جس پر ملک نے جواب دیا، 'شاہ رخ خان نے حال ہی میں ایک فلم کی، وہ بھی 'اولڈ از گولڈ' لگ رہے تھے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ 'ہمیں عمر پر زیادہ زور نہیں دینا چاہیے، اگر نوواک جوکووچ 36 سال کی عمر میں کوئی گرینڈ سلیم جیت سکتے ہیں تو ہمیں یہ دیکھنا چاہیے۔

سلیکٹر سے درخواست! ''افتخار بہترین فارم میں ہیں، انہیں ون ڈے میں شامل کریں''

کراچی (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر شعیب ملک نے سلیکشن کمیٹی سے مڈل آرڈر بلے باز افتخار احمد کو مینز ون ڈے ٹیم میں شامل کرنے کی درخواست کر دی۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں کراچی کنگز کی نمائندگی کرنے والے شعیب ملک نے کہا کہ افتخار احمد کیریئر کی بہترین فارم میں ہیں، میں سلیکٹرز سے درخواست کرتا ہوں کہ انہیں پاکستان کی ون ڈے ٹیم میں شامل کریں وہ بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ 2023 کے دوران وہ ٹیم کے اہم رکن ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے ون ڈے ورلڈ کپ ابھی قریب ہے اور میں نے انہیں کھیلتے ہوئے دیکھا ہے، وہ واقعی اچھی کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ جس پوزیشن پر وہ کھیلتے ہیں، ہمیں ون ڈے میں اس پوزیشن پر ان جیسے بلے باز کی ضرورت ہے۔ شعیب ملک نے کہا کہ طویل فارمیٹس میں واپسی کا کوئی ارادہ نہیں ہے تاہم مختصر ترین فارمیٹ کھیل کر لطف اندوز ہو رہا ہوں۔ ٹیسٹ اور ون ڈے سے ریٹائرمنٹ لے لی ہے اسلیے دونوں فارمیٹس پر کوئی توجہ نہیں۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ ٹی 20 فارمیٹ میں دستیاب ہوں اور میرا کام کارکردگی دکھانا ہے میں پاکستان کے لیے دوبارہ کھیلنا چاہتا ہوں۔

بالرز کو ٹھیک وقت میں استعمال کرنے کا فائدہ ہوا: شاہین آفریدی

پلیئر آف دی میچ فخر زمان کا کہنا تھا کہ شروع میں وکٹ ہماری توقعات کے مطابق نہیں تھی



لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل (کے آٹھویں ایڈیشن کے افتتاحی میچ کی فاتح ٹیم لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ ہم نے اپنے بالرز کو ٹھیک وقت میں استعمال کیا جس سے فائدہ ہوا۔ پی ایس ایل کے افتتاحی میچ میں کامیابی کے بعد کپتان لاہور قلندرز کا کہنا تھا کہ طاہر کا پہلا میچ تھا، اس نے اچھی بیٹنگ کی جبکہ فخر زمان نے بھی بلاشبہ اچھی بیٹنگ کی ہے، آخری اوور میں بہترین اختتام کا کریڈٹ زمان کو دیتا ہوں۔ شاہین نے مزید کہا کہ ہماری طرف سے فیلڈنگ میں کچھ مسائل ہیں جنہیں آئندہ میچز میں دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ پلیئر آف دی میچ فخر زمان کا کہنا تھا کہ شروع میں وکٹ ہماری توقعات کے مطابق نہیں تھی، ابتدائی اوورز کے بعد جب گیند اچھی طرح بلے۔

ثانیہ مرزا کرکٹ ٹیم کی مینٹور مقرر

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارت میں ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کو کرکٹ ٹیم کی مینٹور مقرر کر دیا گیا۔ میڈیا کے مطابق ثانیہ مرزا کو ویمن پریمیئر لیگ میں رائل چیلنجرز بنگلور کا مینٹور مقرر کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ثانیہ مرزا نے کہا ہے کہ ویمن کرکٹ ٹیم کی مینٹور بننے پر خوشی ہے، ویمن پریمیئر لیگ سے انڈین ویمن کرکٹ اور مضبوط ہوگی۔ رائل چیلنجرز بنگلور کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ثانیہ مرزا پلیئرز کے ساتھ اچھے انداز میں بات کر سکتی ہیں۔ ترجمان کے مطابق ہمارے لیے یہ خوشی اور اعزاز کی بات ہے کہ ثانیہ مرزا ٹیم کی مینٹور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ثانیہ مرزا ویمن اسپورٹس میں ایک رول ماڈل ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ثانیہ مرزا 6 گرینڈ سلم اور 43 ڈبلیو ٹی اے ٹائٹلز جیت چکی ہیں۔

نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ آج سے شروع ہوگا

ماؤنٹ مانگوئی (سپورٹس نیوز) نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ (آج) جمعرات سے ماؤنٹ مانگوئی میں شروع ہوگا۔ انگلینڈ کی ٹیم ان دونوں دورہ نیوزی لینڈ پر ہے جہاں وہ میزبان ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی، دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ 16 سے 20 فروری تک بے اوول، ماؤنٹ مانگوئی میں کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم ٹم ساؤدی کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔

قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر نسیم شاہ 20 برس کے ہو گئے

نچائز کی انتظامیہ نے مقامی ہوٹل میں فاسٹ بولر کی سالگرہ کی تقریب کا اہتمام کیا

ملتان (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نوجوان فاسٹ بولر اور پی ایس ایل 8 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی نمائندگی کرنے والے نسیم شاہ 20 برس کے ہو گئے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز فرنچائز کی انتظامیہ نے مقامی ہوٹل میں فاسٹ بولر کی سالگرہ کی تقریب کا اہتمام کیا، اس موقع پر نسیم شاہ نے کیک کاٹا اور ٹیم انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں ٹیم منیجر اعظم خان، ہیڈ کوچ سابق ٹیسٹ کپتان معین خان، کپتان سرفراز احمد، بولنگ کوچ عمر گل، جیسن رائے اور دیگر کھلاڑیوں و آفیشلز نے شرکت کی اور نسیم شاہ کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔

پی ایس ایل 8؛ اسٹیڈیم میں شائقین کی بڑی تعداد موجود رہی

سخت چیکنگ کی وجہ سے داخلی دروازے پر تماشائیوں کی طویل قطاریں نظر آئیں

کراچی (سپورٹس نیوز) پی ایس ایل سیزن 8 میچ کے دوران نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شائقین کی بڑی تعداد موجود رہی جب کہ کھلاڑیوں کے حق میں نعرے بازی کی گئی۔ پی ایس ایل 8 میچ کے دوران نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شائقین کی بڑی تعداد موجود رہی، حیدرآباد، میرپور خاص اور دیگر نواحی شہروں سے بھی شائقین میچ دیکھنے پہنچے، سخت چیکنگ کی وجہ سے داخلی دروازے پر تماشائیوں کی طویل قطاریں نظر آئیں۔ سیکڑوں افراد بغیر ٹکٹ افراد اسٹیڈیم کے اطراف میں منڈلاتے اور داخلے کے منتظر رہے، اسٹینڈز میں موجود کئی تماشائی اپنے ہمراہ قومی جھنڈے اور بینرز لائے تھے، وہ دوران میچ اپنی پسندیدہ ٹیموں اور کھلاڑیوں کے حق میں مسلسل نعرے بازی کرتے رہے، ساتھ روایتی انداز میں موبائل ٹارچ روشن کر کے ماحول بھی بنایا۔ شائقین نے اس میچ کو بابر اعظم بمقابلہ محمد عامر قرار دیا، ٹام کوہلر کیڈمور نے عماد وسیم کو مسلسل 3 چھکے لگائے تو ''کیا افتخار کی روح آ؟ گئی''۔

بھارت اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 17 فروری سے شروع ہوگا

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارت اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان چار ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 17 فروری سے نئی دہلی میں شروع ہوگا۔ میزبان ٹیم بھارت کو چار میچوں کی سیریز میں کینگروز کے خلاف 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ ناگپور میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں بھارت نے آسٹریلیا کو اننگز اور 132 رنز سے شکست دی تھی۔

آئیسکوریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
16 فروری 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16، فروری 2023ء، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، بری امام، آبپارہ، محفوظ شہید، کوہسار مارکیٹ، G-8/2، وحید آباد، لوہی بھیر، شریفہ آباد، طفیل شہید، مارگلہ ٹاور، ای او بی آئی، جی او آر، G-11/2، I-10/2، ریلوے روڈ، بہارہ کہو، بہارہ کہو 2، کمپنی باغ، گھڑیال، ایم سی ایم، ٹی ڈی سی پی، پی اے ایف، پیر سوہاوہ، انگوری، این سی پی، منگیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیال بن اقبال، پیر سوہاوہ، قائداعظم یونیورسٹی، پنجاب ہاؤس، بری امام، منڈلہ، متھال، سوہدرن روڈ، طفیل شہید، کرپا فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مال روڈ، ٹیپو روڈ، جیل پارک، پی ڈبلیو ڈی 2، محبوب شہید، مری بروری، عسکری 14 سیکٹر D، ڈیفنس روڈ، مورت، شاہ جیون، جاوڑہ، ڈھوک اعوان، سپارکو، چوک پنڈوری، حنیف شہید، کوملی صادق، نیو چوا، فضل احمد، غزن خان، مندرہ، بسالی، کرنب کسوال، سید کسران، بھل، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، پڑیال، نیوی 2 & 1، سوہان گارڈن 1&2، ریور گارڈن، ایف ای سی ایچ ایس فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، 4th روڈ، شمس آباد، شہید محمد دین، گنگال، مسلم ٹاؤن، ڈھوک کھبہ، فوارہ چوک، پیرودھائی، احسن آباد، عیدگاہ، گنج بھاٹہ، مصریال روڈ، مدینہ کالونی، آفیسر کالونی، نوگزی، فضائیہ 1&2، ٹاپ سٹی، I-14/3، بی بی شہید، ویسا، ایف بلاک، ای بلاک، غوثیہ کالونی، حیدری چوک، اے بلاک، نیو ملپور، فیض آباد، سید پور، ہولی فیملی، ایف بلاک، کٹاریاں، ویسٹریج، راجہ آباد، گولڑہ، شمس کالونی، قائداعظم ہسپتال، زرغون ہائٹس، ماڈرن فلور ملز، ڈھوک چوہدریاں، این آر سی، چیئرنگ کراس، بنی فیڈرز، اٹک سرکل، غازی کولی، نوازش شہید، بہلوٹ، بن بھولا، پسوال، نیو سٹی آرکیڈ، نیو سٹی اے بلاک، نیو سٹی آئی بلاک، نیو سٹی G بلاک، براما، کوہسار ویلی، دریا شریف، شمس آباد، پاور چینل کو، امین آباد، مسکین آباد، ڈھوک فتح، ملووالی، عظیم شہید، مورت، پری، احمدال، کمریال، فتح جھنگ، بوئی گھٹر، سالارگاہ، ہاڑو، گھون، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، چنڈ پڑیاں، سرائے خربوزہ، غورغشتی، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید جہلم سرکل، F-7 کچہری، ثنا اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، شکریلہ، کوہاڑ، F-6 مشین محلہ، F-2 جیب بورڈ، F-10 کالا بین، بوڑیاں، انڈسٹریل، سٹی ہاؤسنگ، دینہ 3 روہتاس، چمالہ، کیپٹن نثار شہید، مسوٹ، نیو شکوائی، کرنل محمد اکرم، منکیالہ، کوٹ دھمیک، بابا شہید، گلیانہ، کنگر تھاٹھی فیڈرز، چکوال سرکل، کریالہ، ملت چوک، القائم ملز، میکنن، مین بازار، ڈیرہ مسلم، لطیفال، سیگل آباد، سرکال، کٹاس، ڈفر دھمیر، سکھا، کوٹ گلہ، کوٹ شیر، سی ڈبلیو او، ساغر پور، عبداللہ پور، جلال پور، ٹوبہ، پنڈ دادن خان، عبداللہ پور، بلکسر، پیپلی، دندہ شاہ بلاول، ڈھوک غزن، مین بازار، اکوال، بلال آباد، دھرمند فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تک دن 01:00 بجے تک، سٹی، ڈاڈوٹ، جنڈ روٹ، موڑہ، کاڑلا فیڈرز دن 01:00 بجے تا شام 4 بجے تک، بیروٹ گالا، دربار مائی تھوٹی، کھوئی رٹہ فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، گرمالا، سی ایم ایچ جہلم، عباس پورہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

اس کی بحالی کو چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔ اگر عدالت قانون سازی کالعدم یا بحال کرنے لگی تو پارلیمنٹ غیر فعال ہو جائے گا۔ وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ سپریم کورٹ عوامی اہمیت کے مقدمات کے علاوہ براہ راست دائر مقدمات نہیں سن سکتی۔ کسی شخص کی ذاتی شکایات پر سپریم کورٹ براہ راست مقدمہ سن کر فیصلہ نہیں کرسکتی۔ آئین میں براہ راست مقدمہ دائر کرنے کے لیے ہائیکورٹ کا فورم موجود ہے۔ آئین میں سپریم کورٹ کے لیے بھی مقدمات سننے کا واضح طریقہ کار درج ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بہت سے عوامی اہمیت کے مقدمات میں سپریم کورٹ براہ راست کیسز سنتی رہی ہے، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ اگر سپریم کورٹ براہ راست مقدمات سننا شروع کردے گی تو ہائیکورٹ جانے کا آئینی حق ختم ہو جائے گا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ عدالت خود حکومت کے اختیارات استعمال نہیں کرنا چاہتی۔ نئے نیب قانون میں واپس ہونے والے مقدمات کے مستقبل کا کوئی طریقہ کار درج نہیں۔ احتساب عدالتوں سے واپس ہونے والے سیکڑوں مقدمات کا کچھ پتا نہیں کہاں جائیں گے؟ وکیل نے کہا کہ عدالت جہاں حکم جاری کرے گی وہاں بھیج دیں گے۔ جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ عدالت کیوں حکم جاری کرے؟ وکیل نے جواب دیا کہ مقدمات وہاں ہی چلیں گے جہاں نیب سے پہلے 50 سال چلتے رہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ نئے نیب قانون میں باریکی سے ہر نقطے اور لفظ میں تبدیلی کی گئی، اتنا بڑا ابہام کیوں چھوڑا گیا؟۔ چیف جسٹس نے کہا کہ 8 ماہ ہوگئے نیب مقدمات احتساب عدالتوں سے واپس ہو رہے اور کسی دوسرے فورم پر نہیں بھیجے گئے۔ وکیل نے جواب دیا کہ قانون سازی پارلیمنٹ کا اختیار ہے کوئی بھی وجہ بنا کر مداخلت نہیں کی جاسکتی۔ پارلیمنٹ نیب کا مکمل قانون بھی ختم کرسکتی ہے۔ پاکستان 50 سال نیب قانون کے بغیر بھی چلتا رہا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ قدیم معاشرے میں زندہ رہنے کا حق محض روٹی، کپڑا اور مکان سے پورا ہوتا ہوگا۔ آج کے زمانے میں زندہ رہنے کے لیے تعلیم اور صحت سمیت سہولیات لازم ہیں۔ کرپشن سے زندہ رہنے کا حق زخمی ہوا ہے۔ آج دو اغوا شدہ بچیاں چھ سال بعد بازیاب ہوئیں کیونکہ کوئی نظام ہی نہیں ہے۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ پولیس کو بچیوں کی بازیابی کے لیے ایجنسیوں کا سہارا لینا پڑا۔ پولیس میں صلاحیت کا فقدان اصل میں شہریوں کیز زندہ رہنے کے حق کی خلاف ورزی ہے۔ واضح کہہ چکے ہیں کہ عدلیہ حکومت کرنا چاہتی ہے نہ ہی کرے گی۔ کئی سو نیب کیسز عدالتوں سے واپس ہو رہے ہیں۔ نیب ترامیم نے زیرالتوا کیسز کا دروازہ بند کردیا ہے۔ نیب ترامیم کو 8 ماہ ہوگئے مگر ان کے باقاعدہ نفاذ یا کیسز کی منتقلی کا طریقہ کار نہیں بتایا جا سکا۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ حکومت کے پاس اگر نیب قانون میں الفاظ بدلنے کا وقت ہے تو کیسز کی منتقلی کا طریقہ کار بنانے کا کیوں نہیں ہے؟۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ اگر احتساب عدالت کے منتقل کیسز کو اینٹی کرپشن دائرہ اختیار سے خارج قرار دے تو کیا ہو گا؟۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے کہا کہ نیب قانون سے پہلے بھی 50 سال ملک میں کرپشن کے کیسز نمٹائے گئے تھے۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں تین رکنی خصوصی بینچ نے کیس کی مزید سماعت کل 16 فروری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 2

تفصیلات بھی لے کر آئیں۔ نیب اس سے پہلے بھی عثمان بزدار کو طلب کرچکا ہے۔ عثمان بزدار نے اپنی گرفتاری کے خدشے پر احتساب عدالت سے ضمانت منظور کروائی تھی لیکن درخواست واپس لے لی تھی کیونکہ نیب کو ان کی گرفتاری مطلوب نہیں تھی نیب نے سابق وزیراعلیٰ کو ذرائع آمدن سے زائد اثاثے بنانے کی چھان بین کے لیے طلب کیا ہے

بقیہ 3

سماعت کے بعد دو چیئرمینز کی حد تک الیکشن کمیشن کا حکم معطل کر دیا گیا۔ عدالت نے کنٹونمنٹ بورڈ پشاور اور کنٹونمنٹ بورڈ واہ کو کام جاری رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن ابھی ہوا نہیں صرف شیڈول آیا ہے اور آپ نے معطلی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ الیکشن کمیشن بتائے لوکل باڈیز کو کام سے کیوں روکا گیا اور بلدیاتی نمائندوں کو کس قانون کے تحت معطل کیا گیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ ابھی صرف درخواست گزاروں کی حد تک نوٹیفکیشن معطل کرتا ہوں۔ آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن عدالت کو مطمئن کرے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 14 مارچ تک کے لئے ملتوی کردی

بقیہ 4

سے شہباز، زرداری، فضل الرحمٰن انتخابات سے بھاگ گئے اور الیکشن کمیشن انکی بھرپور مدد فراہم کر رہا ہے، 90 روز میں انتخابات کے عدالتی فیصلہ کی حکم عدولی کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمشنر پر آئین کے آرٹیکل 204A کے تحت توہین عدالت لگ سکتی جس کی 6 ماہ جیل سزا ہے

بقیہ 5

سے 3 مسلم لیگ ن سے تعلق رکھتے ہیں۔ مسلم لیگ ن کے وفاقی وزرا اور وزرائے مملکت رضا کارانہ بنیادوں پر کام کریں گے اور تنخواہ نہیں لیں گے۔ وزیراعظم کی کابینہ میں 38 معاونین خصوصی شامل ہیں جن میں سے وزیراعظم 14 معاونین خصوصی کی بلامعاوضہ کام کرنے کی درخواست منظور کرچکے ہیں۔

بقیہ 6

سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے پرویز الٰہی کی مبینہ اہلیہ سائرہ انور کی ضمانت پر ایف آئی اے سے ریکارڈ طلب کرتے ہوئے انہیں 2 مارچ تک گرفتار کرنے سے روک دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج غلام رسول نے ضمانت کی درخواست پر سماعت کے دوران سائرہ انور کو شامل تفتیش ہونے کا حکم بھی دے دیا۔ واضح رہے کہ پرویز الٰہی کی مبینہ اہلیہ سائرہ انور پر ایف آئی اے نے منی لانڈرنگ کا مقدمہ درج کر رکھا ہے

بقیہ 7

متعلق اپیلوں پر سماعت ہوئی، عدالت نے منحرف اراکین کی درخواستیں غیر مؤثر ہونے پر خارج کر دیں۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال نے ریمارکس دیئے کہ اب تو پنجاب اسمبلی میں بحالی کی بات ہی ختم ہوگئی ہے۔ الیکشن کمیشن کو پنجاب میں انتخابات کی تاریخ کا حکم ہائیکورٹ نے دیا ہے، الیکشن کمیشن پنجاب میں انتخابات پر کیا کررہا ہے؟ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے بتایا کہ گزشتہ روز گورنر پنجاب کے ساتھ الیکشن کمیشن حکام کا اجلاس ہوا، گورنر پنجاب نے لاہور ہائیکورٹ کے حکم کیخلاف قانونی راستہ اختیار کرنے کا کہا۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ قانونی راستہ گورنر نے لینا ہے یا الیکشن کمیشن نے؟ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے بتایا کہ قانونی راستہ گورنر پنجاب نے ہی لینا ہے۔ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے قرار دیا کہ الیکشن کمیشن لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کرے، جسٹس عائشہ ملک نے استفسار کیا کہ الیکشن کمیشن انتخابات کیلئے مشورے کیوں کر رہا ہے؟ کیا آئین الیکشن کمیشن کو انتخابات سے پہلے گورنر پنجاب سے مشاورت کا پابند کرتا ہے؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ لاہور ہائیکورٹ نے انتخابات کرانے کا حکم دیا ہے، اس پر عمل کریں، جس پر ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ نے اپنے حکم میں گورنر سے مشاورت کا بھی کہا ہے۔ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے ریمارکس دیا کہ لاہور ہائیکورٹ نے اگر یہ حکم دیا ہے تو اسی پر عمل کریں۔ منحرف اراکین کے وکیل نے بتایا کہ پنجاب اسمبلی تحلیل ہونے پر منحرف اراکین کی درخواستیں غیر موثر ہوگئیں، عدالت نے پی ٹی آئی پنجاب کے منحرف اراکین ڈی سیٹ کیس غیر موثر ہونے پر نمٹا دیا

بقیہ 8

سینیٹ صادق سنجرانی اجلاس کی صدارت کریں گے۔ منی بجٹ میں حکومت نے سیلز ٹیکس کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا فیصلہ کرلیا، سیلز ٹیکس کی ایک فیصد شرح بڑھنے سے 50 ارب سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پرتعیش اشیا پر ڈیوٹی کی شرح 25 فیصد تک پہنچانے کی تیاری مکمل کرلی، لگژری آئٹمز پر ٹیکس لگا کر 60 سے 70 ارب روپے کی آمدن کا امکان ہے۔

بقیہ 9

بروقت مرتب کیے جائیں، تھانوں میں آنے والے شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، سروس ڈیلیوری کی فراہمی اولین ترجیح ہے، غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے راولپنڈی پولیس 24/7 مصروف عمل ہے

بقیہ 10

سینکڑوں مقدمات کا کچھ پتہ نہیں کہاں جائیں گے۔ جس پر وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ عدالت جہاں حکم جاری کرے گی وہاں بھیج دیں گے۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال نے استفسار کیا کہ عدالت کیوں حکم جاری کرے؟ وفاقی وکیل نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ نیب کا مکمل قانون بھی ختم کرسکتی ہے۔ پاکستان پچاس سال نیب قانون کے بغیر بھی چلتا رہا، اگر نیب ترامیم اسلامی اصولوں کے منافی ہیں تو اس کا تعین وفاقی شرعی عدالت نے کرنا ہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے سوال اٹھایا کہ اگر وفاقی شرعی عدالت نیب ترامیم کو کالعدم قرار دے تو پھر کیا ہوگا؟ جس پر وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ طاقت اور اختیار میں واضح فرق ہے، عدالت قانون کو غلط قرار دے کر واپس بھیج سکتی ہے ختم نہیں کرسکتی چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دئے کہ کرپشن کا تعلق قانون کے نفاذ، صاف شفاف حکومت اور سماجی نظام سے ہے، بنیادی حقوق کی فراہمی کے لیے گڈ گورننس ضروری ہے، گڈ گورننس کا مطلب ہے کہ ملکی قوانین ہر شخص پر واضح ہونے چاہئیں، اگر حکومت ٹھیک ہوگی تو رات کو باہر نکلتے وقت کوئی خوفزدہ نہیں ہوگا۔ چیف جسٹس کا مزید کہنا تھا کہ اگر گڈ گورننس ہوگی تو کسی کو اپنے تحفظ کے لیے ہتھیار ساتھ لے کر نہیں گھومنے پڑیں گے، آئین پاکستان کے تحت زندہ رہنے کے حق کی تعمیل لازم ہے۔ وکیل وفاقی حکومت کا سماعت دوران کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کو پہلے دیکھنا ہوگا نیب ترامیم سے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی یا نہیں۔ جس پر جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ سپریم کورٹ کے پاس کسی بھی معاملے کو دیکھنے کے وسیع تر اختیار موجود ہیں۔

بقیہ 11

بل پر ایوان کو اعتماد میں لینا چاہتا ہوں، مسلم لیگ (ن) کے دور میں جی ڈی پی میں 112 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا، سلیکٹڈ حکومت کی وجہ سے معیشت نیچے کی طرف آئی، پی ٹی آئی کے 4 سالہ دور میں جی ڈی پی میں 36 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے گزشتہ دور میں ایک ہزار 389 ڈالر فی کس آمدن تھی، معاشی تنزلی کی وجوہات جاننے کے لیے قومی کمیشن تشکیل دیا جائے، آج پوری قوم بھاری قیمت ادا کر رہی ہے،

موجودہ حکومت کو بیمار معیشت ملی، پی ٹی آئی دور میں قرضہ 24 ہزار ارب روپے سے بڑھ کر 44 ہزار ارب روپے ہوگیا، مسلم لیگ ن کے دور میں کھانے پینے کی اشیا کی مہنگائی دو فیصد تھی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ موجودہ حکومت نے جب معیشت کو سنبھالا تو ناگہانی سیلاب کی آفت نے گھیر لیا، وزارت منصوبہ بندی اور عالمی اداروں کے مطابق سیلاب کے باعث 30 ارب ڈالر نقصان کا تخمینہ لگایا گیا ہے، سیلاب زدہ علاقوں میں بیماریاں پھوٹ پڑیں اور کپاس سمیت اہم فصلیں تباہ ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان حکومت نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کیا تھا، جنہوں نے معاہدہ نہیں پڑھا وہ ضرور پڑھیں، عمران خان نے اپنے ہی کیے معاہدے سے انحراف کیا، جس کے نتیجے میں آئی ایم ایف پروگرام تعطل کا شکار ہوا، آئی ایم ایف سے معاہدہ ایک حکومت نہیں ریاست کا معاہدہ ہوتا ہے، ہماری حکومت نے آئی ایم ایف پروگرام کو بحال کرایا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 31 جنوری سے لے کر 9 فروری تک آئی ایم ایف سے مذاکرات ہوئے، آئی ایم ایف پروگرام بحال کرنے کیلئے سیاسی جماعتوں کا پولیٹیکل نقصان ہوا، آئی ایم ایف کا مشن حال ہی میں پاکستان آیا جس سے نویں اقتصادی مذاکرات ہوئے، آئی ایم ایف کے ساتھ 170 ارب روپے کے نئے ٹیکسز لگانے پر بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بجلی کے سرکلر ڈیٹ کا مسئلہ کئی برسوں سے چل رہا ہے، بجلی کے شعبے میں اصلاحات بہت ضروری ہے، عالمی مالیاتی اداروں نے بجلی کے شعبے میں اصلاحات پر زور دیا ہے، کابینہ نے 170 ارب کے اضافی ٹیکس لگانے کی منظوری دی ہے۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ روزمرہ کی اشیا پر اضافی ٹیکس عائد نہیں کیا جائے گا، نمبر ون، لگژری آئٹمز پر ٹیکس کو 25 فیصد کردیا گیا ہے، دوسرا، شادی ہالز کی تقریبات کے بلوں میں 10 فیصد ایڈوانس انکم ٹیکس نافذ کیا جائے گا، جی ایس ٹی کی شرح کو 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کیا جارہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ 500 ڈالر سے زائد کے درآمدی موبائل فون پر سیلز ٹیکس 25 فیصد کرنے کی تجویز ہے، درآمدی موبائل فون پر 17 فیصد جی ایس ٹی عائد تھا، ہماری نیت ٹھیک ہے انشاءاللہ دوبارہ ترقی کے سفر پر گامزن ہوں گے، لگژری آئٹمز پر جی ایس ٹی 17 سے بڑھا کر 25 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس کا مقصد امیر طبقے پر اضافی ٹیکس لگانا ہے، روزمرہ استعمال کی اشیا پر اضافی ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو مہنگائی کا احساس ہے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ماہانہ وظیفیمیں اضافے کے لیے مزید 40 ارب مختص کیے جارہے ہیں، وزیراعظم اور کابینہ کفائت شعاری مہم اپنائیں گے، 3 ہزار ارب روپے کی بجلی میں ریکوری صرف 1600 ارب روپے کی ہوتی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پچھلی حکومت کی نااہلی کے باعث بجلی کا گردشی قرضہ 2467 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے، بجلی کے شعبے کیلئے اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اور عالمی مالیاتی ادارے نے اصلاحات پر زور دیا۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے بعد زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا، ایل سیز کے مسائل بھی دور ہوں گے، ملکی معیشت کی بہتری کے لیے مشکل فیصلے ناگزیر ہیں، ملک میں نیشنل اکنامک ایجنڈے کے لیے سب کو یکجا ہونا چاہیے، اللہ جسے بھی حکومت کا موقع دے لیکن اکنامک چارٹر پر تبدیلی نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 10 سال پہلے ہم نے اکانومی کی ڈائریکشن کو تبدیل کیا تھا، افسوس آج ہماری معیشت کہاں چلی گئی، چارٹر آف اکانومی کی آج پہلے سے بھی زیادہ ضرورت ہے، ہم سب کو ایک ہوکر معیشت کے حوالے سے روڈ میپ دینا ہوگا، آئیں سب کو دعوت دیتا ہوں ایک قومی سوچ اپنائیں، پوری امید ہے ان اقدامات کے بعد معیشت بہتر ہو گی۔ اس سے قبل نجی ٹی وی کے صحافی کے ساتھ وزیراعظم آزاد کشمیر کی نازیبا زبان کے استعمال پر صحافیوں نے احتجاج کیا، احتجاج کے دوران صحافیوں نے قومی اسمبلی اجلاس سے واک آؤٹ کیا، جس پر اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ قمر زمان کائرہ، شازیہ مری دیکھیں صحافیوں نے کیوں واک آؤٹ کیا۔

بقیہ 12

ہماری رائے ہے صوبائی اور قومی اسمبلی کے الیکشن ایک ساتھ ہونے چاہئیں، صاف و شفاف الیکشن افراتفری میں نہیں کرائے جاسکتے۔ پنجاب میں انتخابات کے حوالے سے معاملہ الیکشن کمیشن اور عدالت کے درمیان ہے، الیکشن کمیشن الیکشن بھی کرا سکتا ہے اور نظرثانی کا بھی کہہ سکتا ہے، آئین میں الیکشن کیلئے 90 روز کا ضرور ذکر ہے لیکن صاف اور شفاف انتخابات بھی آئین کا تقاضا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ الیکشن میں شکست کی صورت میں عمران خان، ہم پر الزام لگائیں کہ نگران سیٹ اپ نہیں تھا اور اثرورسوخ استعمال کیا گیا، اس صورتحال میں الیکشن کمیشن کو بہتر فیصلہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ نواز شریف اگلے انتخابات کی مہم کے لیے پاکستان ضرور آئیں گے۔ قبل ازیں رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ اسٹیبلشمنٹ نے عمران خان کا ساتھ نہیں دیا، اسٹیبلشمنٹ سے جو غلطی ہوئی وہ تسلیم کرتے ہیں، عدم اعتماد کے وقت اسٹیبلشمنٹ کا کردار نیوٹرل تھا۔ انہوں نے کہا کہ کہا کہ ہماری حکومت گرانے میں 5 آدمیوں کا بنیادی کردار تھا، ''بابا رحمتے'' کی سرپرستی کے بغیر یہ معاملہ پورا نہیں ہوسکتا تھا، بابا رحمتے اس سازش کا حصہ تھے، وہ سب کچھ مینج کر رہے تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ عمران خان صرف بینفشری نہیں بلکہ سازش کا حصہ بھی تھے، اقتدار میں آنے کے بعد عمران کو سب کو ساتھ لیکر چلنا چاہئے تھا، عمران خان نے کہا معیشت نہیں بلکہ اپوزیشن ملک کا مسئلہ ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ عمران خان سیاستدان اور انسان ہوتے تو معیشت کے معاملے پر ساتھ بیٹھتے، چیئرمین نیب کو عمران خان مینج کررہے تھے، خاتون کو بلیک میل کر کے اپنی مرضی کا بیان دلوانے پر آمادہ کیا گیا

بقیہ 13

خصوصی ہدایات پر مرکزی رہنما سید ذوالفقار عباس بخاری (زلفی بخاری) نے ترکیہ اور شام کے سفارتخانوں کا دورہ کیا جس میں زلفی بخاری نے ترکیہ اور شام کے سفراء سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔ زلفی بخاری نے ترکیہ اور شام کے سفراء کو چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے خصوصی پیغامات پہنچائے۔ زلفی بخاری نے کہا کہ ترکیہ اور شام میں ہولناک زلزلے کی تباہ کاریوں پر پوری قوم، خصوصاً تحریک انصاف کے چیئرمین، قیادت اور کارکنان رنجیدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے کے نتیجے میں بھاری جانی و مالی نقصان نہایت افسوسناک اور باعثِ رنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرب اور صدمات کے ان لمحات میں ترکیہ و شام کی حکومتوں، دونوں ممالک کے عوام سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف خصوصاً چیئرمین عمران خان ترکیہ و شام سے دوطرفہ تعلقات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ زلفی بخاری نے کہا کہ مصیبت میں گھرے اپنے بھائیوں کی ہرممکن مدد کیلئے تیار ہیں، زلزلے کے نتیجے میں جاں بحق ترکیہ و شام کے شہریوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ زلفی بخاری نے کہا کہ امدادی کارروائیوں کے نتیجے میں بچائے جانے والے زخمیوں کی سلامتی و شفایابی کیلئے بھی دعاگو ہیں۔ ترکیہ و شام کے سفارتخانوں کے دورے کے موقع پر زلفی بخاری نے مہمانوں کے دفتر میں تعزیتی تاثرات بھی قلمبند کئے۔ تعزیتی پیغام بھجوانے اور ترک و شام کے عوام سے یکجہتی کے اظہار پر ترکیہ و شام کے سفراء کی جانب سے چیئرمین تحریک انصاف کا شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ 14

اشیاء مہنگی ہوگئی ہیں۔ سگار اور فزی ڈرنکس (کولڈ ڈرنکس) کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوگا کیونکہ حکومت نے ان پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (ایف ای ڈی) بڑھا دی ہے۔ تمام اشیا پر سیلز ٹیکس 18 فیصد، سگریٹ کولڈ ڈرنکس پر اضافی ڈیوٹی بھی عائد اگر آپ امپورٹڈ چوکلیٹ بار اور کینڈی پسند کرتے ہیں تو ان پر بھی زیادہ ٹیکس عائد کیا جائے گا کیونکہ یہ ''لگژری'' یا غیر ضروری اشیاء تصور کی جاتی ہیں۔ حکومت سیکڑوں مصنوعات پر جی ایس ٹی وصول کرتی ہے جو مندرجہ ذیل زمروں میں آتی ہیں، اور کل سے ان سب کی قیمت میں اضافہ ہوجائے گا بلکہ عین ممکن ہے کہ آپ کے دکاندار نے پہلے ہی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہو۔ پھلوں کے رس اور سبزیوں کے جوس، آئس کریم، ایرڈ پانی یا مشروبات، شربت اور اسکواش، سگریٹ، ٹوائلٹ صابن، ڈٹرجنٹ، شیمپو، دانتوں کی پیسٹ، شیونگ کریم، پرفیومز اور کاسمیٹکس، چائے، پاؤڈر ڈرنکس، دودھ والے مشروبات، ٹوائلٹ پیپر اور ٹشو پیپر، خوردہ پیکنگ میں فروخت ہونے والے مصالحے، جوتوں کی پالش اور کریم، کھاد خوردہ پیکنگ میں فروخت ہونے والا سیمنٹ منرل/بوتل بند پانی اس کے علاوہ گھریلو بجلی کا سامان، بشمول ایئر کنڈیشنز، فریج، ڈیپ فریزر، ٹیلی ویژن، ریکارڈرز اور پلیئرز، الیکٹرک بلب، ٹیوب لائٹس، الیکٹرک پنکھے، الیکٹرک آئرن، واشنگ مشین اور ٹیلی فون سیٹ گھریلو گیس کے آلات، بشمول کوکنگ رینج، اوون، گیزر اور گیس ہیٹر، فوم یا اسپرنگ کے گدے اور گھریلو استعمال کے لیے فوم کی دیگر مصنوعات بھی مہنگی ہوئی ہیں۔ پینٹ، ڈسٹمپر، انیملو، روغن، رنگ، وارنش، گمو، ریزنز، ڈائز، گلیزر، تھنر، سیلولوز اور پالش جو ریٹیل پیکنگ میں فروخت ہوتے ہیں۔ ساتھ ہی چکنا کرنے والا تیل، بریک فلوئڈ، ٹرانسمیشن فلوئڈ، اور ریٹیل پیکنگ میں فروخت ہونے والے دیگر گاڑیوں کے سیال، ذخیرہ کرنے والی بیٹریاں، آٹوموٹیو مینوفیکچررز یا اسمبلرز ٹائرز اور ٹیوبیں (ان کے علاوہ جو آٹوموٹیو مینوفیکچررز یا اسمبلرز کو فروخت کیے جاتے ہیں) بھی مہنگی ہوچکے ہیں۔ اب موٹر سائیکلیں، آٹو رکشہ، برانڈ نام کے ساتھ خوردہ پیکنگ میں بسکٹ، ٹافیاں، آٹو پارٹس، ریٹیل پیکنگ میں، آٹوموٹو مینوفیکچررز یا اسمبلرز کو فروخت کیے جانے والے حصوں کو چھوڑ کر سب مہنگا ہوگیا ہے۔

بقیہ 15

نے ملزم اسماعیل سے 40 پتنگیں اور ڈور، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم عمر حیات سے 30 پتنگیں، نصیر آباد پولیس نے ملزم جنید سے 24 پتنگیں، ریس کورس پولیس نے ملزم مرسلین سے 35 پتنگیں اور 06 ڈوریں، روات پولیس نے ملزم عزیز سے 20 پتنگیں اور ڈور برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ پتنگ بازی اور پتنگ فروشی جیسے خونی کھیل میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی

بقیہ 16

کمیشن نے موجودہ آئینی بحران پر اعلیٰ عدلیہ سے رہنمائی لینے کا فیصلہ کیا ہے، الیکشن کمیشن کی جانب سے اجلاس سے متعلق باقاعدہ اعلامیہ بھی جاری کیا جائے گا

بقیہ 17

عادہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ کمانڈر پولیس نیول فورسز سینٹرل کمانڈ نے پاک بحریہ کی جانب سے امن مشق 2023 کے کامیاب انعقاد پر ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کو مبارکباد پیش کی

بقیہ 18

میں سابق وزیراعظم عمران خان کو پارٹی سربراہی سے ہٹانے کے کیس کی سماعت ہوئی، عمران خان کے وکیل بیرسٹر گوہر نے دلائل دیئے کہ درخواست گزار آفاق تو پیش ہی نہیں ہو رہے، عدم پیروی پر عمران خان کیخلاف درخواست خارج کی جائے۔ عمران خان کے وکیل نے بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ الیکشن کمیشن کو عمران خان کیخلاف کارروائی سے روک چکی ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ نے کہا کہ حکم امتناع تو نااہلی کے ڈیکلیریشن دینے کی حد تک لگ رہا ہے، بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ نے معاملہ فل بینچ کو بھجوا دیا ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ کا کہنا تھا کہ لاہور ہائیکورٹ میں جو درخواست تھی اسکی کاپی فراہم کریں، بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ کے حکمنامے میں الیکشن کمیشن کا نوٹس موجود ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن ابھی قابل سماعت ہونے کا فیصلہ بھی نہیں کرتا اور معاملہ عدالت میں لے جاتے ہیں، اسٹے آرڈر کے بعد ہمارا کام صرف آنا، بیٹھنا اور جانا رہ گیا ہے۔ ممبر بلوچستان نے کہا کہ ہائیکورٹ نے کیس چلانے سے نہیں روکا، عمران خان کے وکیل نے کہا کہ موجودہ کیس میں الیکشن کمیشن نے سوموٹو لیا ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن سوموٹو لیتا ہے اور نہ ہی ایسا کوئی اختیار ہے۔ کچھ درخواستیں کمیشن کے دفتر میں موصول ہوتی ہیں، ان پر کارروائی کرتے ہیں، معاملے کو سوموٹو نہیں کہہ سکتے۔ درخواست گزار کو بھی نوٹس کر رہے ہیں کہ وہ دلچسپی رکھتا ہے یا نہیں؟ الیکشن کمیشن نے کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کردی ہے، الیکشن کمیشن نے عمران خان کو پارٹی سربراہی سے ہٹانے سے متعلق کیس کی سماعت 7 مارچ تک ملتوی کردی۔

بقیہ 19

کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس جواد حسن نے ریمارکس دیئے کہ اظہر صاحب آپ کی درخواست اتنی جلدی لگ کیسے جاتی ہے؟ آپ کو اتنی جلدی کیا ہے، کیا آپ کو عدالتوں پر اعتماد نہیں ہے؟، عدالت نے استفسار کیا کہ الیکشن کمیشن اور گورنر کے وکیل کہاں ہیں؟ کیا الیکشن کمیشن نے کوئی اپیل دائر کی ہے؟۔ جسٹس جواد حسن نے کہا کہ عدالت نے اپنا کام کردیا ہے، اب عدالت انتظار کررہی ہے وہ کیا کررہے ہیں، درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن نے پریس ریلیز جاری کی ہے، گورنر نے تاریخ دینے سے انکار کیا ہے۔ جسٹس جواد حسن نے کہا کہ عدالت پریس ریلیزوں کو نہیں مانتی، الیکشن کمیشن کے پاس اپیل کے لئے 20 روز ہیں، آپ انتظار کریں۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن نے اجلاس طلب کر رکھا ہے، الیکشن کمیشن نے عدالتی ہدایت کے مطابق گورنر سے مشاورت کی۔ بعد ازاں عدالت نے الیکشن کمیشن کو اب تک کی پیش رفت رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کردی

بقیہ 20

سید خالد محمود ہمدانی نے غازی پولیس افسران سے بات چیت کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی متعلقہ افسران کو غازی پولیس افسران کے بہترین علاج معالجہ کو یقینی بنانے کی ہدایات، غازی پولیس افسران ہمارا فخر ہیں، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ان کی ویلفیئر کے لیے تمام تر اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں دہشت گرد حملوں اور پولیس مقابلوں میں زخمی ہونے والے غازی پولیس افسران سے ملاقات کی، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے غازی پولیس افسران سے بات چیت اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے متعلقہ افسران کو غازی پولیس افسران کے بہترین علاج معالجہ کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ غازی پولیس افسران ہمارا فخر ہیں، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ان کی ویلفیئر کے لیے تمام تر اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں، دہشتگردی اور پولیس مقابلوں میں زخمی ہونے والے پولیس افسران ہمارے ہیرو ہیں، ہم ہر موقعہ پر ان کے ساتھ کھڑے ہیں، شہداء فیملیز اور غازی پولیس افسران کی ویلفیئر اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 21

آپریشن شروع کردیا ہے۔ پولیس کے مطابق مجروح صبح پشاور کے نواحی علاقے آرمڑ سے ڈیوٹی کے لئے آرہا تھا۔

بقیہ 22

کیس میں ہائیکورٹ کے غلط فیصلہ کا سوال نہیں بنتا۔ جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے کہ فوجی فرٹیلائزرز نے ہی ہائیکورٹ میں دو اپلیں دائر کیں اور ہر کیس میں آپ کے ہی وکیل نے دوسرے کیس میں موقف دینے کا کہا اس لیے فوجی فرٹیلائزرز کے وکلاء کی غلطی کو عدالت پرمٹ تو نہیں۔ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ کیس میں جو موقف اپنایا جارہا ہے وہ معاملہ ہے ہی نہیں اور میرے نزدیک تو یہ 10 لاکھ روپے جرمانہ کا کیس بنتا ہے۔ واضح رہے کہ این آئی آر سی نے فوجی فرٹیلائزرز کی جانب سے برطرف کیے گئے ملازمین کو 28 لاکھ روپے ادائیگی کا حکم دیا تھا۔ ملازمین کی جانب سے جمشید فیض ایڈووکیٹ سپریم کورٹ میں پیش ہوئے۔ سماعت کے بعد ایڈووکیٹ جمشید فیض نے این آئی آر سی سکھر میں چیئرمین تعینات نہ ہونے کے بارے میں عدالت کو آگاہ کیا۔

بقیہ 23

منے آئی ہے، جس کی کلوز سرکٹ فوٹیج میں ایک شخص کو میٹر چوری کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق میٹر چور نے بعد ازاں مکان مالک سے 15 ہزار روپے تاوان لے کر میٹر واپس کیا۔ حالیہ واردات کی فوٹیج میں میٹر چور کی کارروائی واضح دیکھی جاسکتی ہے۔ میٹر چوری کی وارداتوں کے بعد شہری پولیس یا لیسکو دفاتر کے دھکے کھانے کے بجائے میٹر چور کو تاوان دینے پر مجبور ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اس سے قبل اقبال ٹاؤن، گارڈن ٹاؤن میں بھی ایسی وارداتیں رپورٹ ہوچکی ہیں۔

بقیہ 24

بجلی کے شعبے میں استعمال کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈی جی انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی نے پاکستان کی نیوکلیئر صلاحیتوں کو سراہا۔ ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی رافیل ماریا نوگروسی پاکستان کے دوروزہ دورے پر اسلام آباد میں ہیں۔

بقیہ 25

پر پہنچ گئی، موقعہ سے شواہد اکھٹے کیے گئے ہیں، ابتدائی اطلاعات کے مطابق موٹر سائیکل سواروں نے رب نواز نامی شہری پر فائرنگ کی اور کیش چھین کر فرار ہوگئے، زخمی شہری کو علاج معالجہ کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، واقعہ میں ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

بقیہ 26

نرمی اختیار نہیں کی جائے گی۔ خیال رہے کہ اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ کا یہ دورہ ڈپٹی کمشنر نارووال محمد اشرف کے احکامات کی روشنی میں کیا گیا

بقیہ 27

سابق وزیراعظم اور ملک کی سب سے بڑی جماعت کا سربراہ ہوں۔ آزادی مارچ کے دوران جان لیوا حملہ ہوا جس سے زخمی ہوگیا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے اپنی رہائشگاہ سے باہر نہیں جاسکتا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے اسلام آباد کی عدالت پیش نہ ہوسکا۔ عمران خان سابق وزیراعظم اور قانون پر عملدرآمد کرنے والے شہری ہیں۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت نے عدم پیشی پر ضمانت خارج کر دی۔ متعلقہ عدالت سے رجوع کرنا چاہتا ہوں۔ خدشہ ہے پولیس گرفتار کرلے گی لہذا عدالت حفاظتی ضمانت منظور کرے۔ خیال رہے عدالت نے الیکشن کمیشن کے باہر ہنگامہ آرائی کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نیازی کی عبوری ضمانت عدم پیشی پر خارج کردی۔ ممنوعہ فنڈنگ کیس میں بھی عمران خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد ہوچکی ہے۔ ایسی صورت میں عمران خان کی گرفتاری کی راہ ہموار ہوجائے گی۔ پی ٹی آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان بینکنگ کورٹ میں پیش نہیں ہوں گے، کیونکہ تحریک انصاف نے اس حوالے سے پہلے ہی لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر رکھا ہے۔ تحریک انصاف ہائیکورٹ کا فیصلہ آنے تک انتظار کرے گی، عمران خان ابھی طبی بنیادوں پر بھی تندرست نہیں ہیں، اسد عمر کے مطابق بینکنگ کورٹ کے فیصلے سے متعلق مزید قانونی مشاورت بھی جاری ہے۔ جبکہ ماہر قانون اور سابق صدر سپریم کورٹ بار یاسین آزاد کا کہنا ہے کہ انسداد دہشتگردی عدالت کی جانب سے ضمانت خارج ہونے کے بعد عمران خان کی گرفتاری کا خدشہ ہے۔ ماہر قانون اور یاسین آزاد کے مطابق عمران خان کے پاس اب آپشن ہے کہ وہ عدالت کے فیصلے کو ہائیکورٹ میں چیلنج کر سکتے ہیں۔

بقیہ 28

پاکستان کی زرعی یونیورسٹیوں کے سائنسدان اور توسیعی ایجنٹس شامل تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر غلام محمد علی، چیئرمین، پی اے آر سی نے CABI، USAID اور USDA کے تعاون سے پاکستان کی اہم زرعی اجناس میں افلاٹوکسن کی مقدار کو کم سے کم کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ بہتر معاش کے لیے اس قسم کے مسئلے کو بنیادی سطح پر ختم کیا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر غلام محمد علی نے یقین دلایا کہ پی اے آر سی CABI کے ساتھ مل کر ایسے اقدامات کو جاری رکھے گا جو پودوں اور انسانوں کی صحت کے لیے مفید ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ افلاٹوکسن کے پھیلاؤ کی وجہ سے ہمیں تجارت اور صحت سے متعلق مسائل کا سامنا ہے اور اس نوعیت کے تحقیقی اقدامات علاقائی ممالک کے ساتھ بہتر تجارت میں بھی معاون ثابت ہوں گے۔ ڈاکٹر بابر احسان باجوہ، سینئر ریجنل ڈائریکٹر- ایشیا CABI، نے ورکشاپ کے شرکاء کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ CABI اور پی اے آر سی کی جانب سے کی گئی تحقیق ترقی یافتہ ممالک میں فصلوں کی صحت کے مسائل کے حالیہ رجحانات سے بہت اچھی طرح مربوط ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس تعاون کے تحت CDRI قومی زرعی تحقیقاتی مرکز میں پہلی افلاٹوکسین بائیو کنٹرول لیبارٹری قائم کی جا چکی ہے۔ جناب ایرا فریڈمین، ڈائریکٹر کلائمیٹ اینڈ سسٹین ایبل گروتھ آفس، یو ایس ایڈ USAID، پاکستان نے کہا کہ شراکت داروں کی مشترکہ کوششوں نے جنوبی ایشیا میں مکئی میں افلاٹوکسین کنٹرول کے لیے پہلی بار افلاٹوکسین بائیو کنٹرول پروڈکٹ کا مظاہرہ کیا ہے اور بائیو پیسٹی سائیڈز کی رجسٹریشن کے لیے گائیڈ لائنز کا مسودہ تیار کرلیا ہے۔ ملک میں بائیو کنٹرول کے اس نئے انداز کو اب سندھ میں مرچ کی فصل پر نافذ کیا جارہا ہے۔ یونائیٹڈ سٹیٹس ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر (USDA) کے پاکستان کے زرعی کونسلر مسٹر کرسٹوفر رنگر نے اس پروجیکٹ کو کامیاب بنانے پر پی اے آر سی اور CABI ٹیم کے تمام محققین کو سراہا۔ تقریب کا اختتام سوال و جواب کے سیشن پر ہوا جہاں شرکاء نے اس بات پر تبادلہ خیال کیا کہ قومی سائنسدانوں کی صلاحیت کو مکمل طور پر بڑھانے کے لیے اجتماعی کوششیں کیسے کی جائیں

بقیہ 29

ہمارے سسٹم کو ایسے ہی نظام کی ضرورت ہے کہ پڑھے لکھے نوجوان خواہ وہ کسی بھی برادری سے ہوں ان کی ایڈجسٹمنٹ ہونی چاہیے ان خیالات کا اظہار معروف تاجر محمد یونس مغل نے اپنے اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ وزیر صحت انصر ابدالی نہ صرف حلقہ کھوئی رٹہ بلکہ پوری ریاست میں تبدیلی کی نوید بن کر آئے ہیں انصر ابدالی نے برادرازم جیسی لعنت کو ختم کر کے ثابت کیا ہے کہ وہ حقیقی معنوں میں عوامی لیڈر ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کو عوام کی خدمت کرنے کا موقع دیا ہے اور وہ بھرپور انداز میں عوام کی خدمت کررہے ہیں۔

بقیہ 30

افراد کو زندہ نکال لیا جبکہ 5 زندہ افراد کی نشاندہی بھی کی اور 138 لاشوں کو ملبے تلے سے نکال کر ورثا کے حوالے کیا گیا۔

بقیہ 31

ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق ملک میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4391 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے مزید 21 مثبت کیس رپورٹ ہوئے۔ ملک میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.48 فیصد رہی، ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کا مزید کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثر 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 32

مہنگائی 33 فیصد تک متوقع ہے، آئی ایم ایف کی قسط ملنے پر حالات کچھ بہتر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے قرض کی قسط کے بعد پاکستان میں معاشی حالات ٹریک پر آنے کیا مکانات ہیں تاہم حالات راتوں رات چیزیں ٹھیک نہیں ہوں گی، معیشت کو سنبھلنے میں وقت لگے گا، طویل مدتی منصوبہ بندی کرنی ہوگی۔ موڈیز کی سینئر معاشی تجزیہ کار کے مطابق پاکستان کی معیشت کو ٹریک پر لانے کے لئے صرف آئی ایم ایف بیل آؤٹ پیکج کافی نہیں، اس کیلیے مستحکم معاشی پالیسوں کی ضرورت ہے۔ مالیاتی خسارے پر قابو پایا گیا تو امید ہے 2024 میں بہتری آسکتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 2023 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 2.1 فیصد تک متوقع ہے۔ کھانے کی اشیاء کی قیمتیں بلند ہیں جس سے غربت کی شرح بھی اوپر جارہی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل ہیومن رائٹس واچ نے کہا تھا کہ پاکستان میں شدید مہنگائی سے لاکھوں لوگوں کے صحت، خوراک اور مناسب معیار زندگی کے حقوق خطرے میں پڑ رہے ہیں۔ ہیومن رائٹس واچ نے آئی ایم ایف سے کہا تھا کہ وہ معاشی طور پر غیر مستحکم افراد کے تحفظ کے لیے پاکستانی حکومت کے ساتھ مل کرے

بقیہ 33

وہ عمل کریں، اگر مرضی ان کی نہیں تو وہ عمل نہیں کرتے، اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن عدالتی حکم کے باوجود نہیں ہوا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ عدالتوں کے فیصلے کو مذاق بنایا جارہا ہے، الیکشن کمیشن نے بطور منشی کا کام سرانجام دیا۔ انکا کہنا ہے کہ عدالتوں کے خلاف مریم نواز کا میڈیا سے سیل کمپین چلا رہا ہے، اس کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ہمارے اوپر مقدمات درج ہو رہے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ عدالت نے 48 گھنٹوں میں بلدیاتی الیکشن کرانے کا کہا، عدالتی احکامات پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا، عدالتی احکامات پر عمل نہیں ہوسکتا تو حکم جاری نہ کریں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ عدالتی احکامات کو ردی کی ٹوکری میں ڈالا جارہا ہے، عدالتی احکامات پر مرضی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے، ملک کو جنوبی کوریا اور برما بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 34

میں نقاب پوش 3 ڈاکو ابوبکر عتیق مرزا کے گھر کے اندر داخل ہوکر اہل خانہ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر 35 لاکھ روپے مالیتی زیورات، 3 لاکھ روپے نقدی، 1 لاکھ روپے مالیت کے 4 موبائل فونز لوٹ کر فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی پی او گوجرخان اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے اور شواہد اکھٹے کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا جبکہ گن پوائنٹ پر دوسری واردات جیرو رتیال سرچوک میں پیش آئی جہاں جیرو رتیال کے رہائشی راجہ شاہنواز ولد محمد رسول سوہاوہ سے اپنی فیملی کے ساتھ اپنی کار پر واپس اپنے گھر جارہے تھے موٹر سائیکل سوار 2 نامعلوم افراد نے اسلحہ کی نوک 10 ہزار روپے نقدی اور طلائی زیورات سے انکو محروم کر دیا جبکہ تیسری واردات کوٹ سیداں پہاپا نذیر کی دکان کے ساتھ والی گلی میں ہوئی جہاں موٹر سائیکل سوار دو نوجوان ایک راہ چلتی عورت سے تقریبا 17 ہزار مالیتی موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس چوکی قاضیاں کے نواحی علاقہ حبیب چوک چنگاروڈ پر ڈکیتی کی واردات کو خواتین نے اپنی حاضر دماغی اور دلیری سے ناکام بنادی مل اعوان کے رہائشی طارق ولد شریف اپنے کیری ڈبہ میں فیملی کی خواتین کے ہمراہ راولپنڈی سے اپنے گھر واپس جارہا تھے کہ عقب سے موٹر سائیکل سواروں نے انہیں روکا جس پر خواتین نے اپنے طلائی زیوارت گاڑی کی سیٹوں کے نیچے چھپا لیے اور ڈکیتوں سے مزاحمت شروع کردی اسی دوران طارق شریف گاڑی سے اترے دونوں ڈکیت فرار ہوگئے پولیس تھانہ گوجرخان نے تمام وارداتوں کے الگ الگ مقدمات درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا

بقیہ 35

ذریعے دبئی جانے والی خاتون مسافر سے 2 کلو 340 گرام چرس برآمد کرلی گئی ہے، جسے سامان میں موجود چنوں میں چھپایا گیا تھا۔ گرفتار خاتون کا تعلق فیصل آباد سے بتایا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اسلام آباد موٹروے ٹول پلازہ کے قریب اے این ایف نے کارروائی کرتے ہوئے کار سے 9 کلو 600 گرام چرس برآمد کر کے چارسدہ کے رہائشی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایک اور کارروائی میں اسلام آباد ایف 8/1 میں ایبٹ آباد کے رہائشی ملزم سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ تمام کارروائیوں میں گرفتار کیے گئے ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئیں۔

بقیہ 36

، ڈی ڈی او ایچ نشتر ٹاؤن فراز رشید کے ہمراہ کاہنہ انڈس ہسپتال کے دورے پر پہنچ گئے، انہوں نے ہسپتال کی مختلف وارڈز، ایمرجنسی اور سٹورز کا دورہ کیا، صاحبزادہ یوسف نے وارڈز میں داخل مریضوں سے طبی نگہداشت و ادویات کے بارے میں خصوصی طور پر استفسار کیا۔ ایس ایم اے کاہنہ انڈس ہسپتال پروفیسر فیض الحسن نے وفد کو مکمل بریف کیا۔ بعد ازاں وفد نے پروفیسر فیض الحسن کو عوام الناس میں بہترین سہولیات باآسانی فراہم کرنے پر شاباش دی، اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں کو ادویات کی دستیابی و فراہمی کے ریکارڈ کو چیک کیا، انہوں نے خصوصی طور پر ٹیسٹنگ لیب کا دورہ کیا اور ٹیسٹوں کی تفصیلات معلوم کیں، انہوں نے استقبالیہ کاونٹر پر مریضوں کے ریکارڈ و رجسٹریشن کو بھی چیک کیا۔ صاحبزادہ یوسف کا کہنا تھا کہ لاہور میں انڈس ہسپتالوں کی بابت بڑے ہسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ کم پڑتا ہے، انڈس ہسپتال معیاری اور باآسانی صحت سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف ڈیوٹی روسٹرز کیمطابق حاضر ہونا خوش آئند بات ہے۔

بقیہ 37

150 گرام چرس برآمد ہوئی، نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم زین العابدین کو گرفتار کر کے ملزم سے 270 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 38

جبکہ گہرائی 30 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کا مرکز مالاکنڈ ڈویژن میں تھا۔ لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے، خوف و ہراس پھیل گیا، کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 39

جانب سے پشاور ڈویژن کے صدر لیاقت شباب اور ضلع پشاور کے صدر خالد خان نے کاغذات الیکشن کمیشن میں جمع کرائے

بقیہ 40

پنجاب الیکشن کے حوالے سے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے پر نظرثانی درخواست دائر کرنے کا فیصلہ کیا، الیکشن کمیشن درخواست میں فیصلے کی مزید تشریح کی استدعا کرے گا۔ خیال رہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو پنجاب میں الیکشن کی تاریخ دینے کا حکم دے رکھا ہے۔ دوسری جانب سپریم کورٹ میں پی ٹی آئی پنجاب کے منحرف ارکان کی اپیلوں کی سماعت کے دوران پنجاب کے انتخابات کا تذکرہ ہوا۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال نے ریمارکس دیئے کہ الیکشن کمیشن کو پنجاب میں انتخابات کی تاریخ کا حکم ہائیکورٹ نے دیا، الیکشن کمیشن پنجاب میں انتخابات پر کیا کر رہا ہے؟ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے بتایا کہ گزشتہ روز گورنر پنجاب کے ساتھ الیکشن کمیشن حکام کا اجلاس ہوا، گورنر پنجاب نے لاہور ہائیکورٹ کے حکم کیخلاف قانونی راستہ اختیار کرنے کا کہا۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ قانونی راستہ گورنر نے لینا ہے یا الیکشن کمیشن نے؟ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے بتایا کہ قانونی راستہ گورنر پنجاب نے ہی لینا ہے۔ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے قرار دیا کہ الیکشن کمیشن لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کرے، جسٹس عائشہ ملک نے استفسار کیا کہ الیکشن کمیشن انتخابات کیلئے مشورے کیوں کر رہا ہے؟ کیا آئین الیکشن کمیشن کو انتخابات سے پہلے گورنر پنجاب سے مشاورت کا پابند کرتا ہے؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ لاہور ہائیکورٹ نے انتخابات کرانے کا حکم دیا ہے، اس پر عمل کریں، جس پر ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ نے اپنے حکم میں گورنر سے مشاورت کا بھی کہا ہے۔

بقیہ 41

مقدمے کو چیلنج کیا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ایف آئی اے کی جانب سے درج مقدمہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ یہ مقدمہ سیاسی بنیادوں پر انتقامی کارروائی ہے، مقدمے کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں ہے، لہٰذا عدالت ایف آئی اے کی جانب سے درج منی لانڈرنگ کا مقدمہ خارج کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے وکلا کو بحث کے لیے طلب کرتے ہوئے درخواست پر مزید سماعت 28 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ 42

سپروائزر انور سلطانہ سمیت وائی این اے ایل جی ایچ کی عہدیداران بھی موجود تھیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی عہدے پر رہتے ہوئے مزید ترقی کیلئے مسلسل محنت اور تعلیم کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے تاکہ ہم اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میڈیکل کا شعبہ دور حاضر میں انتہائی اہمیت اختیار کر چکا ہے اور ہیلتھ سپورٹ سٹاف سے لے کر ڈاکٹر تک ہم سب اس نظام کا حصہ ہیں جسے مزید بہتر سے بہتر بنانا ہم سب کی انفرادی و اجتماعی ذمہ داری ہے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت اپنے وسائل کے مطابق پنجاب کے محکمہ صحت کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کے لئے کوشاں رہتی ہے اور اس میں ہمیں اپنا انفرادی حصہ ضرور ڈالنا چاہیے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نرسنگ ایسوسی ایشن کی طرف سے تہنیتی ملاقات پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نرسنگ کا شعبہ ہسپتالوں میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور مخلوق خدا کی خدمت کر کے ہماری خواتین ورکرز بلا شبہ اپنی دنیا و آخرت سنوار رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ مریض اور اُن کے تیمار دار ہماری نرسنگ کمیونٹی پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں لہذا انہیں مریضوں کی دیکھ بھال کے علاوہ ان کے ساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنا چاہیئے جو کہ مریض کی صحت یابی میں مدد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نرسنگ کمیونٹی کو بھی اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور اُن کی کامیابی کے لئے دعا کی

بقیہ 43

بڑھ گیا ہے کہ اب پوری قوم کو شدید مشکل وقت کا سامنا ہے۔ افسوس کے پچھلے ماہ سے ارباب اختیار کی توجہ این آر او 2 اور تحریک انصاف کو فکس کرنے پر ہی رہی۔ اپنے ٹوئٹ میں تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے مزید کہا کہ یہاں ابھی مہنگائی کے اور بھی امتحان ہیں، تیزی سے اور بڑے پیمانے پر روپے کی بے قدری، توانائی کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی چین میں رکاوٹیں اور نئے ٹیکس کی وجہ سے CPI ممکنہ طور پر 40 فیصد تک پہنچ جائے گا جس کی وجہ سے ہمیں ناقابل برداشت مہنگائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 44

مرنے والے کی شناخت حبیب الرحمٰن ولد محمد بنارس سکنہ سوہاوہ کے نام سے ہوئی متوفی گوجرخان بنک میں سکیورٹی گارڈ کی نوکری کرتا تھا واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈیوٹی افسر پولیس تھانہ گوجرخان اے ایس آئی محمد آصف پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے اور نعش کو اپنی تحویل میں لیکر جائے وقوعہ سے ضروری شواہد اکٹھے اور ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لیے ریسکیو کی امدادی ٹیم کے ذریعے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان منتقل کیا گیا جہاں پوسٹ مارٹم کے بعد ڈیڈ باڈی کو ورثا کے حوالے کر دیا پولیس تھانہ گوجرخان نے مقدمہ درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا۔

بقیہ 45

میں ڈالر کا بھاؤ 2 روپے 34 پیسے سستا ہو کر 265 روپے کا ہوگیا۔

بقیہ 46

تلاش شروع کردی

بقیہ 47

آصف اور منیر اور غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے ملزم نصیر کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے کھلا پیٹرول اور دیگر متعلقہ آلات برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 48

ایم این اے شاندانہ گلزار کی ضمانت کیس کی سماعت ہوئی۔ جسٹس ارشد علی نے راہداری درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کی سابق ایم این اے شاندانہ گلزار کی راہداری ضمانت منظور کی تھی۔ عدالت نے شاندانہ گلزار کو 25 فروری تک راہداری ضمانت دی۔ عدالت نے شاندانہ گلزار کو اسلام آباد کی مقامی عدالت میں پیش ہونے کی ہدایت دی۔ جبکہ شاندانہ گلزار نے کہا تھا کہ میری اسلام آباد میں غیر موجودگی پر میرے لاجز والے گھر پر چھاپہ مار کر فیملی کو ہراساں کیا گیا۔

بقیہ 49

سیلز ٹیکس 18 فیصد کردیا گیا۔ جوسز، بلینڈرز، شیکرز اور دیگر الیکٹرانکس مشینری پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کردیا گیا۔ پرفیوم، برانڈڈ عطر پر بھی سیلز ٹیکس 18 فیصد کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈبے میں بند تمام اشیاء پر سیلز ٹیکس بڑھا دیا گیا۔ خوردنی تیل بسکٹ جیم، جیلی اور نوڈلز بھی مہنگے ہوگئے۔ بچوں کے کھلونے، چاکلیٹ اور ٹافیوں پر بھی سیلز ٹیکس بڑھادیا گیا۔ میک اپ کا سامان، شیمپو، کریم، لوشن، صابن اور ٹوتھ پیسٹ پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کردیا گیا۔ کھیلوں کے سامان پر سیلز ٹیکس کی شرح بھی 18 فیصد کردی گئی۔ کھانے پینے کی اشیاء پر سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کردی گئی۔ گاڑیوں کے شیمپو، گاڑی چمکانے کی کریم اور دیگر سامان پر سیلز ٹیکس کی شرح 18 فیصد کردی گئی۔

بقیہ 50

او نے بتایا کہ ملزمان کو شناخت پریڈ کے لے جیل منتقل کیا گیا، ایس پی راول کا کہنا تھا کہ منظم و متحرک گینگز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 51

۔ کارروائیوں کے دوران 111 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کیا گیا، 14 غیر قانونی کلینکس کو سیل کر کے 4 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ شیشہ کیفوں کے خلاف کارروائیوں میں 2 شیشہ کیفے سیل اور 2 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں خلاف ورزی کرنے پر 16 افراد کو گرفتار جبکہ 2 افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئیں۔ 106 کلوگرام سے زائد پولی تھین بیگز قبضے میں لے لئے گئے۔ دیگر کارروائیوں میں 19 غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کو سیل کرکے 8 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 31 غیر قانونی ایل پی جی فلنگ سٹیشنز کو سیل کرکے 10 افراد کو تھانے منتقل کیا گیا۔ واضح رہے کہ روزانہ کی بنیاد پر ناجائز منافع خوری، تجاوزات، بھکاریوں، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی فلنگ سٹیشنز اور دیگر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 52

ہیں اور سی ای او صاحب ہے کہ ان کے دورے ہی ختم نہیں ہوتے اور دفتر سے غائب رہنا روز کا معمول بن چکا ہے گردونواح میں بیٹھ کر ٹائم پاس کرتے رہتے ہیں اساتذہ سارا دن ڈیوٹی کرنے کے بعد مسائل کے حل کیلئے مہنگائی کے دور میں اپنی جیب سے کرایہ لگا کر اور اپنے بیوی بچوں کو چھوڑ کر سی ای او ایجوکیشن کے دفتر پہنچتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ صاحب دفتر میں موجود نہیں ہیں جس سے اساتذہ خوار ہورہے ہیں اور اساتذہ میں مایوسی کی فضا قائم ہورہی ہے سی ای او ایجوکیشن کی نااہلی اور غفلت کے باعث اساتذہ کے پیسے اور وقت کا ضیاع ہو رہا ہے اساتذہ کیمونٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ سی ای او ایجوکیشن فیصل آباد کو اساتذہ کے مسائل سننے کیلئے دفتر میں موجود رہنے کا پابند بنایا جائے۔

بقیہ 53

سینٹی گریڈ تک ریکارڈ ہوسکتا ہے۔

بقیہ 54

کی کارروائیوں کے باوجود ملک میں زیادتی کے واقعات میں کمی نہیں آئی ہے۔ اس سے قبل اسلام آباد کے ایف 9 پارک میں میاں چنوں کی رہائشی لڑکی کے ساتھ مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کا واقعہ سامنے آیا تھا۔ بتایا گیا تھا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھیانک واردات ایف نائن پارک میں ہوئی، مسلح افراد نے لڑکی سے زیادتی کی۔ لڑکی ہواخوری کیلئے دوست کے ساتھ پارک آئی تھی، مسلح افراد نے چہل قدمی کرتے وقت روکا، لڑکی کو الگ لے گئے، جان سے مارنے کی دھمکی دی، شور کرنے پر تھپڑ مارے، درختوں کے جھنڈ میں لے جا کر تشدد کیا، کپڑے پھاڑ ڈالے اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کو بیان میں لڑکی نے کہا کہ دو حملہ آوروں نے زیادتی کی، زیادتی کے بعد کپڑے دور پھینک دیے تاکہ وہ بھاگ نہ سکے، حملہ آوروں کو دہائیاں دیں پر وہ باز نہ آئے۔ ملزمان نے زیادتی کے بعد لڑکی سے کہا کہ شام کے وقت پارک نہ آیا کرو۔ ڈاکٹرز کے مطابق لڑکی کے جسم پر زیادتی کے نشانات ہیں۔ مارگلہ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا جبکہ سی سی ٹی وی وڈیو کے ذریعے ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ معاملے میں پارک عملہ بھی شامل تفتیش ہے۔ پمز ذرائع کے مطابق پمز اسپتال میں متاثرہ لڑکی کا طبی معائنہ گزشتہ رات کروایا گیا، متاثرہ خاتون کی ٹانگ، چہرے پر خراشوں کے نشانات پائے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جمعرات کی رات خاتون کو ایف نائن کے پارک میں گن پوائنٹ پر 2 ملزمان نے زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق خاتون کا پمز اسپتال میں میڈیکل کرایا گیا ہے اور سیمپل فارنزک لیبارٹری ارسال کردیے گئے ہیں۔ چیئرپرسن قومی اسمبلی انسانی حقوق کمیٹی مہرین بھٹو نے نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی رپورٹ قومی اسمبلی کی انسانی حقوق کمیٹی کو جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ ڈاکٹر مہرین بھٹو نے کہا کہ انسانی حقوق کمیٹی معاملے کی تفتیش کو خود دیکھے گی، متاثرہ لڑکی کو انصاف ملنے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے، ایسے درندوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جاسکتا، پولیس تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مجرموں کو گرفتار کرے۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق اسپیشل یونٹ انسداد جنسی جرائم تفتیش کر رہا ہے، تفتیش کی نگرانی سی پی او آپریشنز سہیل ظفر چٹھہ کر رہے ہیں، وقوعہ کے وقت پارک میں موجود لوگوں اور انتظامیہ سے پوچھ گچھ جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق مشکوک افراد کے ڈی این اے بھی لیے جارہے ہیں، کیمروں اور انٹیلی جنس کی بنیاد پر شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں، ملزمان کو جلد گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 55

مطابق انچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، 33 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی

بقیہ 56

کرنے کا حکم دیا تھا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور ایس پی پوٹھوہار کی زیر نگرانی ملزم کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ٹیموں نے ان تھک محنت کے بعد سائنٹیفک تفتیش و ہیومن انٹیلیجنس کے ذریعے ملزم کو ٹریس کیا، متاثرہ بچی کے والد کی درخواست پر صدر واہ پولیس نے فوری مقدمہ درج کیا تھا

بقیہ 57

غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

بقیہ 58

ہٹانے کے کیس کی سماعت ہوئی، عمران خان کے وکیل بیرسٹر گوہر نے دلائل دیئے کہ درخواست گزار آفاق تو پیش ہی نہیں ہو رہے، عدم پیروی پر عمران خان کیخلاف درخواست خارج کی جائے۔ عمران خان کے وکیل نے بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ الیکشن کمیشن کو عمران خان کیخلاف کارروائی سے روک چکی ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ نے کہا کہ حکم امتناع تو نااہلی کے ڈیکلیریشن دینے کی حد تک لگ رہا ہے، بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ نے معاملہ فل بینچ کو بھجوادیا ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ کا کہنا تھا کہ لاہور ہائیکورٹ میں جو درخواست تھی اسکی کاپی فراہم کریں، بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ کے حکمنامے میں الیکشن کمیشن کا نوٹس موجود ہے۔ ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن ابھی قابل سماعت ہونے کا فیصلہ بھی نہیں کرتا اور معاملہ عدالت میں لے جاتے ہیں، اسٹے آرڈر کے بعد ہمارا کام صرف آنا، بیٹھنا اور جانا رہ گیا ہے۔

پاکستان کی مسلح افواج کی طرف سے زلزلہ سے متاثرہ ترکیہ کیلئے امداد کا سلسلہ جاری

پاکستان ایئرفورس کی طرف سے سپیشل پرواز کے ذریعے ترکیہ میں پھنسے پاکستانی خاندان اور طلبا کو واپس پاکستان لایا گیا

پاکستان آرمی کی اربن سرچ اور ریسکیو ٹیموں نے 91 مقامات پر سرچ آپریشن جبکہ 39 مقامات پر ریسکیو آپریشن کیے

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان کی مسلح افواج کی طرف سے مشکل کی گھڑی میں ترکیہ کے لیے مسلسل امداد جاری ہے۔ ترکیہ میں زلزلہ کے بعد بہت سے پاکستانی طلبہ اور خاندان ترکی سے وطن واپسی کے منتظر تھے۔ پاکستان ایئرفورس کی طرف سے سپیشل پرواز کے ذریعے ترکیہ میں پھنسے پاکستانی خاندان اور طلبا کو واپس پاکستان لایا گیا۔ ترکیہ سے لائے گئے پاکستانیوں نے پاکستان پہنچ کر مسلح افواج خاص طور پر پاکستان ایئر فورس کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ پاکستان ایئر فورس کے مزید مشن بھی این ڈی ایم اے اور فارن آفس کے توسط سے ترکیہ میں پھنسے پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کو تیار ہیں۔ ترکیہ کے صوبے ادیامان میں مجموعی طور پر پاکستان آرمی کی اربن سرچ اور ریسکیو ٹیموں نے 91 مقامات پر سرچ آپریشن جبکہ 39 مقامات پر ریسکیو آپریشن کیے۔ اس دوران 8 (بقیہ نمبر30)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس بے نتیجہ ختم، عدالت سے رہنمائی کا فیصلہ

کورونا وائرس 21 نئے کیسز رپورٹ 12 مریضوں کی حالت تشویشناک

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4391 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے مزید 21 مثبت کیس رپورٹ ہوئے

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کا مزید کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثر 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں 21 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کے جاری کردہ تازہ ترین اعدادوشمار کے مطابق ملک میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4391 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے مزید 21 مثبت کیس رپورٹ ہوئے۔ ملک میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.48 فیصد رہی، ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کا مزید کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثر 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں 21 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، 12 مریضوں کی حالت تشویشناک (بقیہ نمبر 31)

گوجرخان: تھانہ گوجرخان کی حدود میں چور ڈکیت متحرک چوری ڈکیتی کی 3 وارداتیں

ملک کو جنوبی کوریا اور برما بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، فواد چوہدری

عدالتوں کے خلاف مریم نواز کا میڈیا سے سیل کمپین چلا رہا ہے، اس کو کوئی پوچھنے والا نہیں

عدالتوں کے فیصلے کو مذاق بنایا جا رہا ہے، الیکشن کمیشن نے بطور منشی کا کام سرانجام دیا، فواد چوہدری

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ عدالتوں کے فیصلے کو مذاق بنایا جا رہا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہائیکورٹ میں دو کیسز کی سماعت ہوئیں، الیکشن کمیشن تاریخ کا اعلان نہ کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست تھی اور دوسرا اہم کیس شہباز گل کا نام ای سی ایل سے نام نکلوانے کا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جج حکم دے تو کیا اداروں کی مرضی ہوتی ہے (بقیہ نمبر33)

پاکستان میں مہنگائی کی اوسط شرح 33 فیصد تک جانیکا خطرہ

2023 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 2.1 فیصد تک متوقع ہے

بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے خدشات کا اظہار کر دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسی موڈیز کی ایک ماہر نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں مہنگائی کی اوسط شرح 2023 کی بلند ترین سطح 33 فیصد تک جا سکتی ہے، آئی ایم ایف کی مالی امداد کیا وجود پاکستانی معیشت راتوں رات ٹھیک نہیں ہوگی اس کیلئے طویل مدتی منصوبہ بندی کرنی ہوگی۔ موڈیز کی سینئر معاشی تجزیہ کار کترینا ایل نے غیر ملکی خبر رساں ادارے روئٹر کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کی وجہ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط بھی ہیں۔ رواں سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران (بقیہ نمبر32)

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا کا نگران وزیر اعلیٰ کو سکیورٹی صورتحال سے آگاہ کرنے کیلئے خط

تھانہ گوجرخان کی حدود میں چور ڈکیت متحرک چوری ڈکیتی کی 3 وارداتیں

لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور نقدی چور لے اڑے، تھانہ گوجرخان

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان کی حدود میں ایک بار پھر چور اور موٹر سائیکل سوار ڈکیت گینگ متحرک چوری ڈکیتی کی 3 الگ الگ وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور نقدی سے محروم ہو گئے گزشتہ روز وارڈ نمبر 3 میں چوروں نے اہل خانہ کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال گن نقاب پوش ڈاکو 36 لاکھ روپے سے بھی زائد مالیتی طلائی زیورات، تقریبا 3 لاکھ روپے نقدی 5 موبائل فونز لے کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے بڑکی وارڈ نمبر 3 مرزا جی سٹریٹ (بقیہ نمبر34)

اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ماڈل ٹاؤن صاحبزادہ یوسف کا کاہنہ انڈس ہسپتال کا دورہ

لاہور (اسپیشل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ماڈل ٹاؤن صاحبزادہ یوسف نے کاہنہ انڈس ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں ادویات دستیابی و فراہمی کے ریکارڈ کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ماڈل ٹاؤن صاحبزادہ یوسف (بقیہ نمبر 36)

سوات، لوئر دیر اور انکے مضافات میں زلزلے کے جھٹکے

لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے، خوف وہراس پھیل گیا

زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.3 جبکہ گہرائی 30 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی

سوات (نامہ نگار) سوات، لوئر دیر اور انکے مضافات میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.3 جبکہ گہرائی 30 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کا مرکز مالاکنڈ ڈویژن میں تھا۔ لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے ،خوف وہراس پھیل گیا، کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ سوات، لوئر دیر اور انکے مضافات میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ،کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.3 جبکہ گہرائی 30 کلو میٹر ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کا مرکز مالاکنڈ ڈویژن میں تھا۔ لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے ،خوف وہراس پھیل گیا، کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ سوات، لوئر دیر اور انکے مضافات میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.3 (بقیہ نمبر 38)

منی لانڈرنگ؛ مونس الٰہی کی اہلیہ ودیگر کی مقدمہ خارج کرنے کی درخواست

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ق کے رہنما مونس الٰہی کی اہلیہ تحریم الٰہی سمیت دیگر نے منی لانڈرنگ کے مقدمے کے اخراج کے لیے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی۔ جسٹس شہرام سرور نے تحریم الٰہی و دیگر کی ایف آئی اے کے خلاف درخواست پر سماعت کی، جس میں درخواست گزاروں نے اپنے خلاف منی لانڈرنگ کے الزام میں درج (بقیہ نمبر 41)

ینگ نرسز ایسوسی ایشن کے وفد کی پرنسپل پی جی ایم آئی سے ملاقات

ترقی حاصل کرنے کیلئے مسلسل محنت اور تعلیم کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (جنرل رپورٹر) صوبائی ینگ نرسز ایسوسی ایشن کے وفد نے نائب صدر خالدہ تبسم کی سربراہی میں پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر سے ملاقات کی اور انہیں گریڈ 21 میں ترقی ملنے پر مبارکباد دیتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کے لئے اپنی اور دیگر ساتھیوں کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈائریکٹر پی جی آر ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر نادیہ ارشد، ڈاکٹر عبدالعزیز ، نرسنگ (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم فرخ کو گرفتار کر کے ملزم سے کلاشنکوف برآمد ہوئی، وارث خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم سدیس کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کی، نصیر آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم سعید کو گرفتار کر کے ملزم سے (بقیہ نمبر 37)

اے این ایف کی مختلف کارروائیاں، سینکڑوں کلو چرس برآمد

علاوہ ازیں مانسہرہ سے ہری پور منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی

ڈی آئی خان سے اسلام آباد آنیوالے ٹرک کے فرش میں بنے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد ہوئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اے این ایف نے کئی شہروں میں منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران سینکڑوں کلو چرس برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق بلوچستان سے ڈیرہ اسماعیل خان کے راستے راولپنڈی واسلام آباد کی جانب منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ کارروائی میں ٹرک کے فرش میں بنے خفیہ خانوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی گئی ہے۔ حکام کے مطابق ڈی آئی خان یارک ٹول پلازہ کے قریب ٹرک سے 546 کلو چرس برآمد کر کے خیبر کے رہائشی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ دوسری جانب کراچی کے علاقے اتحاد ٹاؤن کے قریب کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان سے 4 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ علاوہ ازیں مانسہرہ سے ہری پور منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ کارروائی میں مانسہرہ کے رہائشی ملزم سے 2 کلو 500 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ دریں اثنا اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے فلائٹ نمبر ER 701 کے (بقیہ نمبر35)

ملک میں معاشی بحران PDM کی احمقانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے، حماد اظہر

افسوس کہ گزشتہ 10 ماہ سے ارباب اختیار کی توجہ این آر او 2 اور تحریک انصاف کو فکس کرنے پر ہی رہی

پاکستان میں مہنگائی معاشی بحران کی وجہ سے ہے۔ یہ معاشی بحران صرف پی ڈی ایم کی احمکانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ پاکستان میں مہنگائی معاشی بحران کی وجہ سے ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں سابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا کہ ملک میں یہ معاشی بحران صرف پی ڈی ایم کی احمقانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے، معاشی بگاڑ اتنا بڑھ گیا ہے کہ اب پوری قوم کو شدید مشکل وقت کا سامنا ہے، افسوس کہ گزشتہ 10 ماہ سے ارباب اختیار کی توجہ این آر او 2 اور تحریک انصاف کو فکس کرنے پر ہی رہی۔ پاکستان میں مہنگائی معاشی بحران کی وجہ سے ہے۔ یہ معاشی بحران صرف پی ڈی ایم کی احمکانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ معاشی بگاڑ اتنا (بقیہ نمبر43)

لاہور: عمران خان نے لوگوں کیلئے گولیاں کھائیں، صحتیابی کیلئے 2 ہفتے درکار ہیں: فواد چودھری

خیبر پختونخوا اسمبلی کے ضمنی انتخابات، پیپلز پارٹی کے 2 حلقوں کے لیے کاغذات نامزدگی جمع

پشاور (خصوصی خبرنگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں نے پشاور سے قومی اسمبلی کے 2 حلقوں کے لئے کاغذات نامزدگی جمع کرادیے۔ این اے 28 کے لئے پارٹی کی مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عاصمہ عالمگیر اور پارٹی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک سعید خان نے کاغذات جمع کرائے۔ اسی طرح این اے 30 کے لئے ارباب زرک نے کاغذات جمع کرائے ہیں مذکورہ امیدواروں کی (بقیہ نمبر39)

پنجاب انتخابات، لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے پر نظرِ ثانی درخواست دائر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن نے پنجاب انتخابات کے حوالے سے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے پر نظر ثانی درخواست دائر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت الیکشن کمیشن کا ہنگامی اجلاس ختم ہو گیا، اجلاس میں الیکشن کمیشن حکام نے پنجاب کے انتخابات اور لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے پر مشاورت کی۔ الیکشن کمیشن نے اجلاس میں (بقیہ نمبر40)

دمشق: پاکستان سے بھیجا گیا امدادی سامان، میڈیکل و ریسکیو ٹیمیں دمشق پہنچ گئیں

FBR نے سیلز ٹیکس کی شرح میں 1 فیصد اضافہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

ڈبے میں بند تمام اشیاء پر سیلز ٹیکس بڑھا دیا گیا۔ خوردنی تیل بسکٹ جیم، جیلی اور نوڈلز بھی مہنگے ہو گئے

ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ٹی وی، ایل ای ڈی، ایل سی ڈی پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس کی شرح میں ایک فیصد اضافہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کر دی گئی۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ٹی وی، ایل ای ڈی، ایل سی ڈی پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ سمارٹ موبائل فونز، آئی پوڈز، کمپیوٹرز، لیپ ٹاپ اور گیجٹس پر بھی سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ جوسز، بلینڈرز، شیکرز اور دیگر الیکٹرانکس مشینری پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ پرفیوم، برانڈڈ عطر پر بھی سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈبے میں بند تمام اشیاء پر سیلز ٹیکس بڑھا دیا گیا۔ خوردنی تیل بسکٹ جیم، جیلی اور نوڈلز بھی مہنگے ہو گئے۔ بچوں کے کھلونے، چاکلیٹ اور ٹافیوں پر بھی سیلز ٹیکس بڑھا دیا گیا۔ میک اپ کا سامان، شیمپو، کریم، لوشن، صابن اور ٹوتھ پیسٹ پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ کھیلوں کے سامان پر سیلز ٹیکس کی شرح بھی 18 فیصد کر دی گئی۔ کھانے پینے کی اشیاء پر سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کر دی گئی۔ گاڑیوں کے شیمپو، گاڑی چمکانے کی کریم اور دیگر سامان پر سیلز ٹیکس کی شرح 18 فیصد کر دی گئی۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ٹی وی ، ایل ای ڈی، ایل سی ڈی پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کر دیا گیا۔ سمارٹ موبائل فونز، آئی پوڈز ،کمپیوٹرز، لیپ ٹاپ اور گیجٹس پر بھی (بقیہ نمبر49)

تھانہ گوجرخان سروس روڈ سے ملحقہ نجی بنک کے سکیورٹی گارڈ نے خودسوزی کر لی

متوفی سوہاوہ کا رہائشی تھا اور گھریلو حالات سے دلبرداشتہ تھا، پولیس تھانہ گوجرخان

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان نجی بنک میں سکیورٹی گارڈ کی نوکری کرنے والے سوہاوہ کے رہائشی شخص نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہو کر خودسوزی کر لی تھانہ گوجرخان سروس روڈ سے ملحقہ نجی بنک میں پرائیویٹ سکیورٹی کمپنی کے 50 سالہ سکیورٹی گارڈ نے بنک کے ملحقہ سکیورٹی روم میں گن سے فائر کر کے خود سوزی کر لی فائر متوفی کے پیٹ میں لگا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جانبحق ہو گیا (بقیہ نمبر44)

تھانہ گوجرخان سروس روڈ سے ملحقہ نجی بنک کے سکیورٹی گارڈ نے خودسوزی کر لی

انٹربینک میں ڈالر 2 روپے 34 پیسے سستا ہو گیا

کراچی (جنرل رپورٹر) انٹربینک میں ڈالر 2 روپے 34 پیسے سستا ہو گیا۔ گزشتہ روز انٹربینک میں ڈالر 267 روپے 34 پیسے پر بند ہوا تھا۔ بدھ کے روز کاروبار کے دوران انٹربینک (بقیہ نمبر 45)

کھلے عام پیٹرول کی فروخت اور غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) ائیر پورٹ پولیس کی کاروائی، کھلے عام پیٹرول کی فروخت اور غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے 03 ملزمان گرفتار، کھلا پیٹرول، گیس سلنڈرز اور دیگر آلات برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلا ت کے مطابق ائیر پورٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کھلے عام پیٹرول کی فروخت کرنے والے 02 ملزمان (بقیہ نمبر 47)

فیصل آباد، دو اوباش افراد نے خاتون کو بیٹے سمیت اغواء کر لیا

پولیس نے مقدمہ درج کر کے مغوی ماں بیٹے کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ملت ٹاؤن کے علاقہ تمبو کالونی سے دو اوباش افراد نے خاتون کو بیٹے سمیت اغواء کر لیا، پولیس نے مغویہ کے شوہر کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی' تمبو کالونی کے رہائشی محمد حسین نے بتایا کہ اسکی عدم موجودگی میں اوباش ملزمان شبیر وغیرہ اسکے گھر آئے اور سبز باغ دکھاتے ہوئے اسکی اہلیہ شمیم بی بی اور اس کے کم سن بیٹے مکرم حسین کو اغواء کر کے فرار ہو گئے۔ علم ہونے پر ملزمان سے ماں بیٹے کی واپسی کا مطالبہ کیا تو وہ لیت و لعل کے بعد انکاری ہو گئے، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر کے مغوی ماں بیٹے کی بازیابی کیلئے ملزمان کی (بقیہ نمبر46)

شاندانہ گلزار نیا سپیکر قومی اسمبلی کے خلاف پولیس کو درخواست دے دی

عدالت نے شاندانہ گلزار کو 25 فروری تک راہداری ضمانت دی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پی ٹی آئی کی شاندانہ گلزار نیا سپیکر قومی اسمبلی کے خلاف پولیس کو درخواست دے دی۔ اسپیکر قومی اسمبلی اور مجسٹریٹ مرتضیٰ چانڈیو کے خلاف مقدمے کے اندراج کی درخواست کی گئی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ اسپیکر کی ہدایت پر میرے گھر پر ضلعی انتظامیہ نے ریڈ کیا اور اہلخانہ کو ہراساں کیا۔ خود گھر پر موجود نہیں تھی، نامعلوم نمبروں سے کال کر کے پریشان کیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ ہفتے سابق ایم این اے شاندانہ گلزار کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا تھا۔ شاندانہ گلزار پر اشتعال انگیز گمراہ کن گفتگو کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔ مقدمے میں 153 اے، 124 اے اور 505 کی دفعات شامل کی گئی ہیں، یہ دفعات بغاوت، اشتعال انگیزی اور منافرت پھیلانے سے متعلق ہیں۔ شاندانہ گلزار کے خلاف نجی ٹی وی کے پروگرام میں اداروں کے خلاف اکسانے پر اسلام آباد کے ویمن پولیس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا۔ پشاور ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کی سابق (بقیہ نمبر48)

اسلام آباد ناجائز منافع خوروں کیخلاف کاروائیاں جرمانے دکانیں سربمہر

یکم فروری سے 14 فروری تک اسسٹنٹ کمشنرز نے قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے 1437 مقامات پر چیکنگ

کارروائیوں کے دوران، ایک لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے، 50 دکانیں سربمہر کر کے 36 افراد کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے فروری کے پہلے 2 ہفتوں کے دوران ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ایک لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے، 50 دکانیں سربمہر کر کے 36 افراد کو گرفتار کر لیا۔ بدھ کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنے اپنے علاقوں میں ناجائز منافع خوری، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی سٹیشنز، تجاوزات، پیشہ ور بھکاریوں اور دیگر کے خلاف آپریشنز کیے۔ اس حوالے سے ترجمان آئی سی ٹی ڈاکٹر محمد عبداللہ تبسم نے بتایا کہ یکم فروری سے 14 فروری تک اسسٹنٹ کمشنرز نے قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے 1437 مقامات پر چیکنگ کی اور اس دوران ناجائز منافع خوری پر ایک لاکھ 50 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا اور 50 دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ 36 افراد کو گرفتار اور 5 افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئیں (بقیہ نمبر 51)

سی ای او ایجوکیشن فیصل آباد کا آفس سے غائب رہنا معمول بن گیا، اساتذہ خوار

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) سی ای او ایجوکیشن فیصل آباد کا آفس سے غائب رہنا معمول بن چکا اساتذہ خوار، ٹیچر کیمونٹی تفصیلات کے مطابق اساتذہ دور دراز کے علاقوں سے اپنے مسائل کے حل کیلئے سی ای او آفس کے بار بار چکر لگاتے رہتے (بقیہ نمبر52)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ گرفتار

وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد، پیرودھائی پولیس

منظم و متحرک گینگز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ایس پی راول

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پیرودھائی پولیس کی کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ 04 موبائل فونز، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں فضل اور اکبر شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ 04 موبائل فونز، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کو شناخت پریڈ کے لے جیل منتقل کیا گیا، ایس پی راول کا کہنا تھا کہ منظم و متحرک گینگز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ پیرودھائی پولیس کی کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ 04 موبائل فونز، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں فضل اور اکبر شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ 04 موبائل فونز، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ (بقیہ نمبر50)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن تاخیر کر کے توہین عدالت کا مرتکب ہو رہا ہے، اسد عمر

قصور میں زیادتی کا المناک واقعہ، نوجوان لڑکی اجتماعی زیادتی کے بعد قتل

قصور (خبرنگار) قصور میں حوا کی ایک اور بیٹی کو بے دردی سے زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے اس المناک واقعے پر نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب کر لی اور ملزمان کی جلد گرفتاری کی ہدایت بھی کر دی ہے۔ نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ مقتولہ کے لواحقین کو ہر صورت انصاف فراہم کیا جائے گا، درندہ صفت ملزمان سخت سزا سے نہیں بچ پائیں گے۔ واضح رہے کہ حکومتی کاوشوں اور پولیس (بقیہ نمبر54)

سندھ بھر میں آج سے گرمی پڑنے کا امکان

شہر قائد سمیت سندھ بھر میں آج (جمعرات سے) درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا

کراچی (جنرل رپورٹر) سندھ بھر میں آج (جمعرات سے) شدید گرمی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر قائد سمیت سندھ بھر میں آج (جمعرات سے) درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا۔ سندھ کے مختلف علاقے تھرپارکر، بدین، ٹھٹھہ، عمرکوٹ، میرپور خاص میں (آج) 16 تا 19 فروری شدید گرمی ہوگی جبکہ اس دوران درجہ حرارت 35 تا 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے اور کراچی میں اس دوران درجہ حرارت 35 تا 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ ہو سکتا ہے۔ سندھ بھر میں آج (جمعرات سے) شدید گرمی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر قائد سمیت سندھ بھر میں آج (جمعرات سے) درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا۔ سندھ کے مختلف علاقے تھرپارکر، بدین، ٹھٹھہ، عمرکوٹ، میرپور خاص میں (آج) 16 تا 19 فروری شدید گرمی ہوگی جبکہ اس دوران درجہ حرارت 35 تا 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے اور کراچی میں اس دوران درجہ حرارت 35 تا 37 ڈگری (بقیہ نمبر53)

11 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار

ملزم نے ایک ہفتہ قبل 11 سالہ بچی سے زیادتی کی تھی، صدر واہ پولیس

متاثرہ بچی کے والد کی درخواست پر صدر واہ پولیس نے فوری مقدمہ درج کیا تھا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی اہم کاروائی، 11 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار، ملزم نے ایک ہفتہ قبل 11 سالہ بچی سے زیادتی کی تھی، سی پی او راولپنڈی نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرنے کا حکم دیا تھا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور ایس پی پوٹھوہار کی زیر نگرانی ملزم کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 11 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والے درندہ صفت ملزم راشد کو گرفتار کرلیا، ملزم نے ایک ہفتہ قبل 11 سالہ بچی سے زیادتی کی تھی، سی پی او راولپنڈی نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار (بقیہ نمبر56)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 33 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 55)

کہوٹہ پولیس کی اہم کاروائی، شراب سپلائر گرفتار

کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر زاہد کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کہوٹہ پولیس کی اہم کاروائی، شراب سپلائر گرفتار، 900 بوتل دیسی شراب برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر زاہد کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 900 بوتل دیسی شراب برآمد ہوئی، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم منشیات کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔

پارٹی سربراہی سے ہٹانے کا کیس، الیکشن کمیشن کی عمران خان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (نامہ نگار) پارٹی سربراہی سے ہٹانے کا کیس، الیکشن کمیشن نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن میں سابق وزیر اعظم عمران خان کو پارٹی سربراہی سے (بقیہ نمبر58)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں

آٹے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 820 تھیلے آٹا برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں، آٹے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 820 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، 02 ڈرائیور لعل زمین اور اسامہ کو گرفتار کر کے 820 تھیلے آٹا برآمد کیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر57)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت نمائندگان

ڈنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے

آپ صحافی بننا چاہتے ہیں

آپ کو لکھنے کا شوق ہے

آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی

تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ برائے رپورٹر
جنرل رپورٹر

نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے

0312-7786354